بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com
روزنامہ
گلدستہ بہار کوئٹہ
ABC Certified
DAILY GULDASTA BAHAR
ایڈیٹر: کاشف مراد قمبرانی
جلد نمبر 21 | بروز ہفتہ 12 ستمبر 2026ء / 29 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 244

وزیراعظم کا محمود اچکزئی کو خط، الیکشن کمیشن میں نئی تقرری پر آئینی طریقہ کار کی یقین دہانی

الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن کے نئے اراکین کی تقرری کے معاملے پر آئندہ چند روز میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مزید مشاورت متوقع ہے

رانا ثناء اللہ اور طارق فضل چوہدری نے بھی محمود خان اچکزئی سے ملاقات کی تھی، جس کے دوران وزیراعظم کی جانب سے خط کا جواب بھجوانے کی یقین دہانی کرائی گئی

اسلام آباد/کوئٹہ (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف اور اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کے درمیان چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن کے اراکین کی تقرری کے معاملے پر رابطہ ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کو خط کا جواب بھجوادیا ہے، جس میں الیکشن کمیشن میں نئی تقرری پر آئینی طریقہ کار کی یقین دہانی کرائی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن کے نئے ارکان کی تقرری کے حوالے سے آئندہ چند روز میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مشاورت کا سلسلہ جاری رہے گا۔ اس سلسلے میں رانا ثناء اللہ اور طارق فضل چوہدری نے بھی محمود خان اچکزئی (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

کوئٹہ: سرکاری اراضی پر مبینہ قبضے اور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی، 6 افراد گرفتار

لائیو اسٹاک کی سرکاری زمین پر غیر قانونی تعمیرات مسمار، قبضہ مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رکھنے کا اعلان

کوئٹہ (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر نے لائیو اسٹاک کی سرکاری زمین پر مبینہ قبضے اور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 6 افراد کو گرفتار کرلیا گیا۔ لائیو اسٹاک کی سرکاری زمین پر مبینہ قبضے اور غیر قانونی تعمیر کا نوٹس لیتے ہوئے موقع پر پہنچ کر (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس ہو رہا ہے

فیلڈ مارشل عاصم منیر اور ایرانی وزیر خارجہ کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ

حوثیوں کے سعودی عرب پر حملوں اور خطے کی کشیدہ صورتحال پر تبادلہ خیال، علاقائی ممالک کے درمیان باہمی رابطے و تعاون بڑھانے کی ضرورت پر اتفاق

دونوں فریقوں نے موجودہ صورتحال کے تناظر میں علاقائی ممالک کے درمیان چوکس رہنے اور باہمی رابطے و تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا

اسلام آباد، تہران (اے این این) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے۔ ایرانی حکومت کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ سے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے حوثیوں کے سعودی عرب پر حملوں اور خطے کی تازہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ بیان کے مطابق علاقائی سلامتی اور علاقائی ممالک کے درمیان رابطے بڑھانے پر بھی گفتگو ہوئی۔ دونوں رہنماؤں نے موجودہ صورتحال میں باہمی رابطے و تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

وزیراعظم: حکومت کاروباری برادری کو ممکن سہولت کی فراہمی کیلئے پرعزم ہے

تجارت میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کا حصہ بڑھانے کیلئے خصوصی اقدامات کئے جا رہے ہیں

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت کاروباری برادری کو ہر ممکن سہولت کی فراہمی کیلئے پرعزم ہے، تجارت میں آسانی اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں کاروبار اور تجارت سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

مکران ڈویژن، سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی، فتنہ الہندوستان کا بڑا حملہ ناکام

دہشت گردوں نے ڈپٹی کمشنر تربت کے پروٹیکشن اسکواڈ کو نشانہ بنانا تھا، سیکیورٹی ذرائع

تربت (اے این این) مکران ڈویژن میں سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی سے فتنہ الہندوستان کا بڑا حملہ ناکام بنادیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گردوں نے ڈپٹی کمشنر تربت کے پروٹیکشن اسکواڈ کو نشانہ بنانا تھا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

اسلام آباد، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نیشنل جوڈیشل (پالیسی میکنگ) کمیٹی کے 62ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سینیٹ قائمہ کمیٹی اجلاس میں پاکستان پوسٹ آفس کی نجکاری کی تجویز پیش

پاکستان پوسٹ آفس کی ڈیجیٹلائزیشن نہ ہونے کی وجہ سے کمیٹی ارکان کی پوسٹ آفس حکام پر تنقید

اسلام آباد (اے این این) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے مواصلات کے اجلاس میں پاکستان پوسٹ آفس کی نجکاری کی تجویز پیش کی گئی۔ کمیٹی ارکان نے پوسٹ آفس کی ڈیجیٹلائزیشن نہ ہونے پر سوالات اٹھائے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

پی ٹی آئی وفد کی فضل الرحمان سے ملاقات، احتجاجی تحریک پر بات چیت

صوبوں کے معاملے پر اے پی سی بلائی جارہی ہے، قومی معاملات پر تمام جماعتوں کو اعتماد میں لیں گے، گوہر

بلوچستان میں بدامنی سمیت دہشت گردی و مسائل پر بات ہوگی، ملک جن مسائل میں گھرا ہے اس میں کوشش ہوگی کچھ کردار ادا کریں، غفور حیدری

اسلام آباد (اے این این) تحریک انصاف کے وفد نے سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمٰن سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات ہوئی جس میں سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق وفد میں چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر اور سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر شامل ہیں۔ وفد کا مولانا فضل الرحمان اور دیگر نے استقبال کیا۔ جس کے بعد ملاقات ہوئی جس میں اپوزیشن کی احتجاجی تحریک پر بات کی گئی۔ ملاقات کے بعد مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ کے باہر گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن سے جوائنٹ اپوزیشن پر بات ہوئی تھی سینیٹ وقومی اسمبلی (باقی صفحہ 2 نمبر 34)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل لسبیلہ یونیورسٹی کے 9ویں سینٹ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

حوثیوں کا باب المندب پر مکمل کنٹرول کا دعویٰ

حوثیوں کی پیش قدمی کے دوران مزاحمت کرنے والے افراد نے بڑی تعداد میں ہتھیار ڈال دیئے، رپورٹ

صنعا (اے این این) یمن کی انصار اللہ تنظیم نے دعویٰ کیا ہے کہ حوثیوں نے باب المندب پر مکمل کنٹرول حاصل کرلیا ہے۔ سینیئر اہلکار محمد البخیتی کا کہنا ہے کہ حوثیوں نے مغربی صوبے تعز میں اہم علاقوں اور فوجی اڈوں الخالد اور جبل النصر پر قبضہ کرلیا ہے۔ ایرانی سرکاری (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

پاکستان کی بہترین مکئی عالمی منڈی میں کم قیمت پر فروخت ہونے کا انکشاف

ملک میں کاشت ہونے والی غیر جینیٹک مکئی کی بہتر ہینڈلنگ سے زائد قیمت پر فروخت ممکن ہے، ایل ڈی سی

کراچی (اے این این) پاکستان میں نان جینیٹک موڈیفائیڈ مکئی جس کو حرف عام میں دیسی مکئی بھی کہہ سکتے ہیں کاشت ہوتی ہے، اس دیسی پاکستانی مکئی کو بین الاقوامی منڈیوں میں زائد قیمت حاصل ہونا چاہیئے مگر فصل کی کٹائی، ناقص دیکھ بھال اور اسٹوریج مسائل کی وجہ سے یہ (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

ایم اے بلوچستان کی نومنتخب
کابینہ کا تعارفی اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (جی این ایم) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر زرک شاہی نے پی ایم اے بلوچستان کی (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

بلدیاتی اداروں کو مزید فعال بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں، امیر حمزہ زہری

بلوچستان کے عوام کو ریلیف کی فراہمی، بنیادی مسائل کا حل اور عوامی خدمت ان کی اولین ترجیح ہے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں جھالاوان سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے سیاسی، قبائلی و علاقائی عمائدین اور وفود نے ملاقات کی۔ ملاقاتوں میں علاقائی مسائل، عوامی (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

قائداعظم کا وژن جمہوری پاکستان کا تھا جہاں تمام شہری قانون کی نظر میں برابر ہوں، سینیٹر روبینہ خالد

ہمیں قائداعظم کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ایسا پاکستان تشکیل دینا ہے جہاں ہر شہری کو مساوی حقوق اور ترقی کے مواقع حاصل ہوں

اسلام آباد (اے این این) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) سینیٹر روبینہ خالد نے کہا ہے کہ قائداعظم نے برصغیر کے مسلمانوں کو آزاد وطن دے کر انہیں شناخت، وقار اور خودمختاری کا حق دلایا، ان کا وژن جمہوری پاکستان کا تھا جہاں تمام شہری قانون کی نظر میں برابر ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 11 ستمبر یوم وفات قائداعظم محمد علی جناح کے موقع (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال، پی ٹی آئی کے مارچ سے متعلق بھی غور

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ملاقات کی جس میں ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

کوئٹہ: بلوچستان سول سروسز اکیڈمی میں 8ویں ایڈہاک نصابی کمیٹی کا اجلاس

انجینئرز، سپرنٹنڈنٹس، اسسٹنٹ کمشنرز اور سیکشن افسران کے لیے جدید تربیتی پروگرامز متعارف

کوئٹہ (سی ایم لنکس) بلوچستان سول سروسز اکیڈمی (BCSA)، کوئٹہ میں 8ویں ایڈہاک نصابی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ڈاکٹر حفیظ احمد جمالی، ڈائریکٹر جنرل بی سی ایس اے نے کی۔ اجلاس میں اعلیٰ سرکاری حکام، ماہرین تعلیم اور متعلقہ محکموں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں محکمہ مواصلات، تعمیرات، فزیکل پلاننگ و ہاؤسنگ کے انجینئرز (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

وزیراعلیٰ بلوچستان: تمام شہریوں کو ترقی کے یکساں مواقع میسر ہونے چاہئیں

قائداعظم کے اصول آج بھی پاکستان کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے عملی رہنمائی فراہم کرتے ہیں قائداعظم کے پاکستان میں ہر صوبے اور ہر شہری کو مساوی احترام، مواقع اور حقوق حاصل ہیں

ریاستیں محض نعروں سے مضبوط نہیں ہوتیں بلکہ آئین وقانون کی بالادستی، مضبوط اداروں، ذمہ دار قیادت اور شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ سے مستحکم ہوتی ہیں، بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی برسی کے موقع پر پیغام

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قائداعظم کا پاکستان ہماری نسلوں کی امانت ہے، جس کی مضبوطی، استحکام اور خوشحالی ہی بانی پاکستان کو حقیقی خراج عقیدت پیش کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کی سب سے بڑی میراث پاکستان ہے۔ انہوں نے اپنی سیاسی جدوجہد کو ذاتی مفاد سے بالاتر رکھتے ہوئے ایک قومی مقصد کے لیے وقف کیا اور اپنی غیر معمولی سیاسی بصیرت، اصول پسندی اور ثابت قدمی سے برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک آزاد ریاست کے قیام کی راہ ہموار کی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ریاستیں محض نعروں سے مضبوط نہیں ہوتیں بلکہ آئین وقانون کی بالادستی، مضبوط اداروں، ذمہ دار قیادت اور شہریوں کے بنیادی (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

چمن: شہید پولیس اہلکار نظام الدین کے اہلِ خانہ کو 10 لاکھ روپے کا امدادی چیک پیش

پولیو مہم کے دوران شہید اہلکار نظام الدین کی قربانی کو خراجِ عقیدت، اہلِ خانہ سے مکمل تعاون کی یقین دہانی

چمن (سی ایم لنکس) چمن شہید پولیس اہلکار نظام الدین کے اہلِ خانہ کو 10 لاکھ روپے کا امدادی چیک پیش چند روز قبل پولیو مہم کے دوران دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے پولیس اہلکار نظام الدین کے اہلِ خانہ کو ایس پی چمن اعتزاز عارف اور اے ڈی سی چمن فدا (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

اجرم کو ہمیشہ نظرانداز کیا گیا، زیرِ التوا منصوبوں کی تکمیل کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں

2004 میں منظور 30 کلومیٹر سڑک منصوبہ 22 سال بعد بھی نامکمل، عوامی حلقوں کا بنیادی سہولیات کی فراہمی کا مطالبہ

سرانان (یو این اے) عوامی حلقوں اجرم نے کہا ہے کہ اجرم کو ہمیشہ سے نظرانداز کیا گیا ہے، جس کے باعث علاقے کے عوام آج بھی سڑک، پل، پانی، بجلی، تعلیم اور صحت جیسی بنیادی سہولیات کے حصول کے لیے مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ حکومت اور متعلقہ ادارے اجرم (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

نوشکی، ایل پی جی پلانٹ سے گیس کی سپلائی تاحال بحال نہ ہوسکی، صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا

گیس کی عدم فراہمی کے باوجود بلوں کی وصولی جاری ہے، شہریوں کا فوری بحالی کا مطالبہ

نوشکی (یو این اے) شہر میں ایل پی جی پلانٹ سے گیس کی سپلائی تاحال بحال نہ ہوسکی، جس کے باعث صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ گیس کی فراہمی طویل عرصے سے معطل ہونے کے باعث شہریوں میں تشویش پائی جاتی ہے کہ کہیں یہ سہولت مستقل طور پر بند نہ ہوجائے۔ دوسری جانب گیس کی عدم فراہمی کے باوجود صارفین سے گیس کے بلوں کی ادائیگی کا (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ اور امام بارگاہوں پر سیکورٹی انتہائی سخت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر فورسز کو تعینات (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

چھتر، زرعی شعبے کی ترقی اور کاشتکاروں کو جدید مشینری کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری، نادر علی سیال

جدید زرعی ٹیکنالوجی کے استعمال سے پیداوار میں بہتری لائی جارہی ہے، محکمہ ایگریکلچرل انجینئرنگ نصیر آباد ڈویژن

چھتر (یو این اے) محکمہ ایگریکلچرل انجینئرنگ نصیر آباد ڈویژن کی جانب سے زرعی شعبے کی بہتری، کاشتکاروں کو جدید زرعی مشینری کی سہولیات کی فراہمی اور زرعی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اقدامات جاری ہیں اس حوالے سے انجینئر نادر علی سیال، ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

ٹرمپ نے سعودی ولی عہد کی حوثیوں کیخلاف کارروائی کی درخواست پر انکار کردیا

واشنگٹن (اے این این) امریکی صدر ٹرمپ نے سعودی ولی عہد کی جانب سے حوثیوں کے خلاف کارروائی کی درخواست کو مسترد کردیا۔ امریکی نیوز ویب سائٹ ایکسیوس نے دعویٰ کیا ہے کہ بحیرہ احمر میں حوثیوں سے لاحق خطرے (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

پنجگور، ایف سی پنجگور رائفلز کی جانب سے مستحق افراد میں نوبت لسٹ کے ٹوکن تقسیم

غریبوں کے حقوق پر ڈاکے ڈالنے والے مافیاز کو معاف نہیں کیا جائے گا، بریگیڈیئر نادر محی الدین

پنجگور (یو این اے) پنجگور کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے یتیموں، بیواؤں، معذوروں اور بے روزگاروں میں نوبت لسٹ کے ٹوکن تقسیم کیے گئے۔ پنجگور رائفلز کی جانب سے نوبت لسٹ ٹوکن کی تقسیم کے حوالے سے ایک تقریب منعقد ہوا جس کے مہمان خاص کمانڈنٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

آئی اے ای اے کے اقدامات سے بعض ممالک این پی ٹی چھوڑ سکتے ہیں، ایران

یہ اقدامات جوہری عدم پھیلاؤ کے عالمی نظام کے لئے نقصان دہ ثابت ہوسکتے ہیں، محسن رضائی

تہران (اے این این) ایران نے خبردار کیا ہے کہ اقوام متحدہ کے جوہری نگران ادارے آئی اے ای اے کے سیاسی اور غیر موثر اقدامات کے باعث بعض ممالک جوہری ہتھیاروں کے پھیلاؤ کو روکنے کے معاہدے این پی ٹی سے دستبردار ہوسکتے ہیں۔ برطانوی خبر رساں ادارے (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال سینٹرل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت، عزم اور اصول پاکستان کی بنیاد ہیں، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر اطلاعات اور صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ قائداعظم کے اصول پاکستان کی بنیاد اور ملک کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کی ضمانت ہیں۔ قائداعظم محمد علی جناح کے یوم وفات پر اپنے پیغام میں علیم خان نے کہا (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

اوستہ محمد میں تعلیمی اداروں کی بہتری کیلئے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری

گورنمنٹ پرائمری اسکول امیر بخش لاشاری میں نو تعمیر شدہ کلاس روم کا افتتاح

اوستہ محمد (سی ایم لنکس) حکومت بلوچستان، پی پی ایم یو اور محکمہ تعلیم (SED) کے اشتراک سے ضلع اوستہ محمد میں سرکاری تعلیمی اداروں کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

پشاور، مبینہ اجتماعی زیادتی کرنیوالے 4 ملزمان نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ہلاک

پشاور (اے این این) پشاور میں مبینہ اجتماعی زیادتی کرنے والے 4 ملزمان نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ہلاک ہوگئے۔ پولیس کے مطابق زیر حراست ملزمان کو نشاندہی کیلئے لے جارہے تھے کہ نامعلوم افراد نے فائرنگ کردی۔ پولیس نے بتایا کہ فائرنگ سے مبینہ اجتماعی زیادتی (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری کی سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمبر دشتی سے ملاقات

صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے صوبائی وزیر نور محمد دمڑ کی ملاقات، سیاسی و علاقائی امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمبر دشتی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں حکومتی وانتظامی امور سمیت ضلع خضدار اور ضلع سوراب میں حالیہ انتظامی تبدیلیوں کے بعد کی صورتحال پر تفصیلی (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

خضدار، فیروز آباد کے قریب نامعلوم شخص کی لاش برآمد، سر میں گولیاں مار کر قتل کیا گیا

خضدار (یو این اے) پولیس ذرائع کی اطلاعات کے مطابق فیروز آباد 'شوری چڑھائی ' سے نامعلوم شخص کی نعش ملی ھے، جسے سر میں گولی مار دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس زرائع نے کہا ہے کہ فیروزآباد شوری چڑھائی سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی ہے۔ جس (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

ہانگ کانگ: وفاقی وزیر جام کمال خان اور ہانگ کانگ کے چیف ایگزیکٹو جان لی کا چیو مصافحہ کر رہے ہیں

سعودی عرب کو حوثی حملوں کے خلاف دفاع کا حق حاصل ہے، عبدالعزیز الوصل

نیویارک (اے این این) اقوام متحدہ میں سعودی عرب کے مستقل نمائندے عبدالعزیز الوصل نے کہا ہے کہ سعودی عرب کو حوثی حملوں کے خلاف دفاع کا حق حاصل ہے اور سلامتی کے تحفظ کیلئے ضروری اقدامات کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سلامتی کونسل (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

عوامی خدمت اور اجتماعی ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اولین ترجیح ہے، سردارزادہ فیصل جمالی

حلقہ انتخاب میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک

گنداخہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ عوامی خدمت، اجتماعی ترقی اور بنیادی سہولیات کی (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

اسلام آباد، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے آزاد جموں وکشمیر کمشنر آن دی اسٹیٹس آف ویمن کی چیئرپرسن ریحانہ خان ملاقات کررہی ہیں

مرمت کے سلسلے میں کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں بجلی بند رہنے کی اطلاع

تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنوں کی ضروری مرمت کے کام کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 12 ستمبر کو (بروز ہفتہ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11 kv سریاب ون، سریاب ٹو، ہزارہ (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

عدالتی نظام کو مؤثر اور جدید بنانے کیلئے اقدامات جاری رکھیں گے، چیف جسٹس

چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت قومی عدالتی پالیسی ساز کمیٹی کے 62ویں اجلاس

پاکستان کی عدالتوں کیلئے قومی متحدہ ای فائلنگ اور الیکٹرانک عدالتی ریکارڈ نظام کی اصولی منظوری دے دی گئی

اسلام آباد (یو این اے) چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت قومی عدالتی پالیسی ساز کمیٹی کے 62ویں اجلاس میں ادارہ جاتی استعداد کار مضبوط بنانے، انصاف تک رسائی تیز کرنے اور موثر و شفاف نظام انصاف یقینی بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا جبکہ پاکستان کی عدالتوں کیلئے قومی متحدہ ای فائلنگ اور الیکٹرانک عدالتی ریکارڈ نظام کی اصولی منظوری دے دی گئی۔ سپریم کورٹ کے شعبہ تعلقات عامہ کے جاری اعلامیہ کے مطابق سپریم کورٹ میں منعقدہ اجلاس میں لاہور ہائیکورٹ، پشاور ہائیکورٹ اور سندھ ہائیکورٹ کے چیف جسٹس صاحبان (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

سڑکوں کی تعمیر و مرمت اور سیوریج مسائل کے حل کیلئے مؤثر اقدامات جاری رکھیں گے، جمال رئیسانی

عوامی وفود کی ملاقات، ترقیاتی امور اور بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و ایم پی اے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی سے سراوان ہاؤس کوئٹہ میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

پاکستان سعودی عرب کی مکمل حمایت کرتا ہے، عاصم افتخار

ہم خطے اور اس سے باہر امن وسلامتی کے وسیع تر مقاصد کے حصول کیلئے کوششیں جاری رکھیں گے، اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب

حوثی حملے سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی کھلی خلاف ورزی ہے، سلامتی کونسل کے ہنگامی اجلاس سے خطاب، سعودی عرب کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار

نیویارک (اے این این) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ حوثی حملے سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی کھلی خلاف ورزی ہیں، پاکستان سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری، علاقائی سالمیت کی مکمل حمایت کرتا ہے، خطے اور اس سے باہر امن وسلامتی کے وسیع تر مقاصد کے حصول کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا سعودی عرب پر حوثی حملے کے حوالے سے ہنگامی اجلاس ہوا جس میں پاکستان نے سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری، علاقائی سالمیت کی مکمل حمایت کی اور کہا کہ سعودی عرب (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com
روزنامہ
گلدستہ بہار کوئٹہ
ABC Certified
DAILY GULDASTA BAHAR
ایڈیٹر:۔ کاشف مراد قلندرانی
ایڈیٹر انچیف ایم۔ندیم قلندرانی نے دفتر روزنامہ گلدستہ بہار قمبرانی روڈ سے شائع کیا
فون نمبر:۔ 03363522116, 03345757077.
E-Address: guldastabahar123@gmail.com

آئی ایس پی آر کا کردار نوجوانوں میں قومی شعور اور مثبت سوچ

محمد سلیم رند نے کہا ہے کہ آئی ایس پی آر گوادر نے ہمیشہ نوجوانوں، طلبہ اور عوام میں مثبت سوچ، قومی شعور اور تعمیری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے قابلِ قدر کردار ادا کیا ہے مختلف آگاہی، تربیتی اور تعلیمی پروگرامز کے ذریعے نوجوان نسل کو ملک وقوم کے وسیع تر مفاد، قومی سلامتی اور ملکی ترقی کے حوالے سے آگاہی فراہم کی جارہی ہے، جو ایک مثبت اور قابلِ تحسین اقدام ہے انہوں نے کہا کہ گوادر جیسے اہم خطے میں نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے آئی ایس پی آر گوادر کی جانب سے طلبہ اور نوجوانوں کے ساتھ رابطے مختلف سیشنز، تربیتی پروگرامز اور آگاہی سرگرمیوں کا انعقاد نوجوان نسل کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ ان میں ذمہ داری، نظم وضبط اور ملک سے وابستگی کے جذبات کو بھی فروغ دیتا ہے محمد سلیم رند نے کہا کہ تعلیم اور نوجوانوں کی رہنمائی کسی بھی معاشرے کی ترقی کی بنیادی بنیاد ہے نوجوانوں کو جدید تعلیم، مثبت سوچ، تحقیق، ہنر اور قومی ذمہ داریوں سے روشناس کرانا مستقبل کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے۔ اس حوالے سے آئی ایس پی آر گوادر کی سرگرمیاں نوجوانوں کو تعمیری راستے کی طرف راغب کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں انہوں نے مزید کہا کہ عوام اور ریاستی اداروں کے درمیان مثبت رابطہ معاشرے میں اعتماد کو مضبوط بناتا ہے۔ جب نوجوانوں کو اداروں کے کردار ملکی دفاع قومی سلامتی اور ترقی کے معاملات کو قریب سے سمجھنے کا موقع ملتا ہے تو ان میں قومی معاملات کے حوالے سے شعور مزید بہتر ہوتا ہے محمد سلیم رند کا کہنا تھا کہ گوادر پاکستان کے لیے انتہائی اہم خطہ ہے۔

بقیہ 1

سے ملاقات ذری تھی، جس کے دوران وزیراعظم کی جانب سے خط کا جواب بھجوانے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ ذرائع کے مطابق محمود خان اچکزئی اس وقت کوئٹہ میں موجود ہیں اور آئندہ دو سے تین روز میں اسلام آباد پہنچیں گے، جہاں وہ وزیراعظم کے خط کے معاملے پر چیئرمین تحریک انصاف سمیت دیگر اپوزیشن رہنماؤں سے مشاورت کریں گے۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس کو بھی مشاورت کے عمل میں اعتماد میں لیں گے۔ چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن کے نئے ارکان کی تقرری کے معاملے پر آئندہ چند روز میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مزید مشاورت متوقع ہے۔

بقیہ 2

سرکاری اراضی پر جاری تعمیراتی کام کو فوری طور پر رکوا دیا۔ موقع پر موجود 6 افراد کو حراست میں لے کر قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ حکام کے حوالے کردیا گیا، جبکہ سرکاری زمین پر قبضے کی غرض سے قائم کی گئی غیر قانونی تعمیرات اور تعمیر شدہ حصے کو بھی موقع پر مسمار کردیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر برودی کاشف امر نے کہا کہ سرکاری اراضی پر کسی بھی قسم کے قبضے، تجاوزات یا غیر قانونی تعمیرات کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ افراد کو ہدایت کی کہ سرکاری زمین پر غیر قانونی سرگرمیوں سے فوری طور پر باز رہیں، بصورت دیگر قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری املاک اور اراضی کے تحفظ کے لیے کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔

بقیہ 3

کے تناظر میں علاقائی ممالک کے درمیان چوکس رہنے اور باہمی رابطے وتعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس کے ساتھ ساتھ خطے میں دیرپا امن اور سلامتی کے قیام کیلئے مشترکہ صلاحیتوں اور وسائل کو بروئے کار لانے پر بھی زور دیا گیا۔ ٹیلیفونک رابطے کے حوالے سے فوری طور پر مزید تفصیلات جاری نہیں کی گئیں۔

بقیہ 4

سازش کی تھی۔ سیکیورٹی فورسز کی موثر کارروائی میں دہشت گردوں کے تمام عزائم خاک میں مل گئے۔ ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کے نتیجے میں ڈپٹی کمشنر تمپ کے اسکواڈ کے تمام اہلکاروں کو بحفاظت بچا لیا گیا ہے۔ اس دوران دہشت گرد اپنی گاڑی اور اسلحہ چھوڑ کر فرار ہونے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ سیکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی کے دوران فتن الہندوستان کے متعدد حملہ آور دہشت گردوں کے زخمی ہونے کی بھی اطلاعات موصول ہوئی ہیں، جبکہ علاقے میں سیکیورٹی صورتحال اب مکمل طور پر کنٹرول میں ہے۔

بقیہ 5

ہدایت کی کہ تجارتی تاخیر ختم، کاروباری لاگت کم اور برآمدات بڑھانے کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تجارت میں سہولت کاری کے ذریعے پاکستان کو عالمی سپلائی چینز کا موثر حصہ بنانے کیلئے پرعزم ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ ٹریڈ فیسلی ٹیشن بورڈ کا مقصد تجارت سے متعلق طریقہ کار کی رکاوٹیں دور کرنا ہے، بڑی بندرگاہوں پر تمام متعلقہ ادارے کاروباری برادری کو ایک ہی مقام پر

سہولیات فراہم کریں۔ وزیراعظم نے اداروں کی مشترکہ جانچ اور پروفائلنگ کا نظام بہتر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے تمام نان ٹیرف اقدامات کا جامع آڈٹ کرنے اور غیر ضروری تجارتی رکاوٹیں ختم کرنے کا حکم دیا۔ انہوں نے پاکستانی بندرگاہوں کیلئے براہ راست شپنگ لائنز لانے کے موثر اقدامات کی بھی ہدایت کی۔ وزیراعظم کے مطابق براہ راست شپنگ سے پاکستانی مصنوعات کی عالمی خریداروں تک ترسیل آسان اور تیز ہوگی۔ اجلاس میں وزیراعظم نے قومی تجارتی کارکردگی انڈیکس تیار کرنے کی ہدایت بھی کی۔ اس انڈیکس میں کسٹمز کلیئرنس، لاجسٹکس اور دیگر اہم اشاریوں کی پیمائش کی جائے گی تاکہ تجارت میں سہولت کاری کے اقدامات کی کارکردگی کو مؤثر انداز میں جانچا جاسکے۔ وزیراعظم نے تجارت میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں یعنی ایس ایم ایز کا حصہ بڑھانے کیلئے خصوصی اقدامات کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایم ایز کو درپیش تجارتی رکاوٹوں کی نشاندہی کی جائے اور ان کے حل کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں۔ شہباز شریف نے تجارت میں سہولت کیلئے رسک مینجمنٹ نظام مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ صرف ہائی رسک کارگو کی تفصیلی جانچ کی جائے، جبکہ کم خطرے والے کارگو کیلئے کلیئرنس کے عمل کو تیز کیا جائے۔ انہوں نے تجارتی عمل کو مزید تیز اور مؤثر بنانے کیلئے مصنوعی ذہانت سے استفادہ کرنے کی ہدایت بھی کی۔ اجلاس میں بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ رواں مالی سال کے اختتام تک پری ارائیول کلیئرنس کا ہدف 30 فیصد مقرر کیا گیا ہے، جبکہ گرین چینل کا حصہ 65 فیصد تک بڑھانے کا ہدف ہے۔ اس کے علاوہ مجاز اقتصادی آپریٹرز کی تعداد رواں مالی سال کے اختتام تک 50 سے زائد کرنے کا ہدف بھی مقرر کیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے تمام بندرگاہوں کیلئے ٹائم ریلیز آٹومیٹڈ سسٹم کے اہداف کی منظوری دے دی۔ اجلاس میں نان ٹیرف اقدامات کے جائزے کیلئے ورکنگ گروپ بھی قائم کردیا گیا، جسے ایک ماہ میں روڈ میپ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے غیر ضروری قواعد کے خاتمے اور تجارت میں آسانیاں پیدا کرنے کیلئے مزید اقدامات کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کاروباری برادری کو سہولت دینے کیلئے حکومتی اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ اور مربوط نظام ضروری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تجارتی عمل کو آسان، تیز اور شفاف بنا کر کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے گا اور پاکستانی مصنوعات کیلئے عالمی منڈیوں تک رسائی مزید بہتر بنائی جائے گی۔

بقیہ 6

پر تنقید کی۔ سینیٹر کامل علی آغا نے کہا کہ پاکستان پوسٹ آفس کے آپریشنز دور جدید اور ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ نہیں ہیں۔ وزارت مواصلات حکام نے اعتراف کیا کہ پاکستان پوسٹ آفس کی ڈیجیٹلائزیشن کا نہ ہونا آپریشن میں مسائل ڈالتا ہے۔ رکن کمیٹی سینیٹر کامل علی آغا نے کہا کہ پاکستان پوسٹ آفس پر تو کسی کا اعتماد ہی نہیں ہے، پاکستان پوسٹ آفس کا ادارہ آگے کیوں نہیں بڑھ پا رہا ہے، اس بات کا افسوس ہے۔ سینیٹر طلحہ محمود نے کہا کہ اب اس وقت زمانہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس کا ہے، پوسٹ آفس پرانے طور طریقوں پر چل رہا ہے۔ ڈی جی پاکستان پوسٹ آفس نے کہا کہ پاکستان پوسٹ

آفس کو فنڈز کی کمی ہے اس وجہ سے ٹیکنالوجی لانے میں رکاوٹ آرہی ہے، پاکستان پوسٹ آفس پر 6.4 بلین کی وینڈرز کی واجبات ہیں، واجبات کی عدم ادائیگی کے باعث پوسٹ آفس کے آپریشنز کو بحال رکھنے میں چیلنجز درپیش ہیں۔ ڈی جی نے بریفنگ میں بتایا گیا کہ مشرق وسطیٰ جنگ کی وجہ سے بین الاقوامی میل پر اثر پڑا ہے، مشرق وسطیٰ جنگ کے دوران پوسٹ آفس کا بین الاقوامی میل نظام بند نہیں ہونے دیا ہے، پاکستان پوسٹ آفس کی ڈیجیٹلائزیشن کا عمل شروع کر دیا ہے۔ ڈی جی پوسٹ آفس نے پوسٹ آفس کی آٹومیشن کے پروجیکٹ پر کمیٹی کو بریفنگ دی۔ حکام نے بتایا کہ آٹومیشن کے لیے ایگزم بینک سے قرضہ منظور ہو چکا ہے، کنسلٹنٹ کی تعیناتی کے لیے جلد اشتہار جاری کیا جائے گا اور حکومت سے درخواست کی ہے کہ ایک ارب 30 کروڑ روپے جاری کر دے۔ حکام کے مطابق پورے منصوبے کی رقم ایگزم بینک ادا کرے گا، پوسٹ آفس میں 1691 اسمارٹ فون کی خریداری جلد کی جائے گی، کیش لیس اکانومی کے لیے نیشنل بینک سے ایم او یو سائن کیا ہے، پائلٹ منصوبے میں اسلام آباد اور راولپنڈی میں کام شروع کر رہے ہیں۔ سینیٹر کامل علی آغا نے کہا کہ منصوبے کا سب سے بڑا سیٹ اپ لاہور میں موجود ہے وہاں کیوں نہیں کر رہے۔ حکام نے بتایا کہ متعدد پوسٹ آفس میں یہ پروجیکٹ شروع کیا جائے گا۔ اجلاس کے دوران سینیٹر طلحہ محمود نے پوسٹ آفس کی نجکاری کی تجویز بھی دے دی۔

بقیہ 7

خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق یمن کی حوثی تحریک (انصار اللہ) نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کے جنگجوؤں نے آبنائے باب المندب پر نظر رکھنے والے اہم فوجی مرکز العمری گارژن کا بھی مکمل کنٹرول حاصل کرلیا ہے۔ حوثیوں کے مطابق ان کی بحری فورسز نے بحیرہ احمر میں واقع اہم جزیرہ ذقر پر بھی مکمل کنٹرول قائم کرلیا ہے اور جزیرے کو مخالف فورسز سے خالی کرا لیا گیا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق حوثی جنگجو بحیرہ احمر کے ساحلی علاقے میں واقع الخا بندرگاہ کے داخلی حصوں تک بھی پہنچ گئے ہیں، جبکہ الخا ایئرپورٹ پر بھی قبضہ کرلیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق حوثیوں کی پیش قدمی کے دوران مزاحمت کرنے والے افراد نے بڑی تعداد میں ہتھیار ڈال دیئے۔ باب المندب عالمی سطح پر اہم سمندری گزرگاہ ہے جہاں سے تیل، گیس اور غذائی اجناس سمیت مختلف اشیا کی ترسیل ہوتی ہے۔ خیال رہے کہ یمن میں حوثیوں اور سعودی حمایت یافتہ حکومتی فورسز کے درمیان لڑائی میں شدت آگئی ہے اور حوثیوں نے بحیرہ احمر کے اہم ساحلی شہر الخا پر کنٹرول حاصل کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ دوسری جانب سعودی عرب کے جنوبی علاقوں پر میزائل اور ڈرون حملوں کے بعد ریاض نے حوثیوں کے خلاف فضائی کارروائیاں تیز کردیں۔ برطانوی اخبار دی گارجین کا کہنا تھا کہ حوثیوں نے تعز صوبے میں الخا کے علاوہ حیس شہر اور خطے کے سب سے بڑے فوجی اڈے خالد بن ولید کیمپ پر بھی کنٹرول حاصل کرنے کا دعویٰ کیا۔ حوثیوں کے مطابق ان کی فورسز نے 6 ہزار مربع کلومیٹر سے زیادہ علاقے پر پیش قدمی کی ہے۔ الخا بحیرہ احمر کے ساحل پر واقع اہم بندرگاہی شہر ہے اور آبنائے باب المندب کے قریب اس کی جغرافیائی حیثیت اسے یمن کی جاری جنگ میں غیر معمولی تزویراتی اہمیت دیتی ہے۔ قبل ازیں ایک عسکری ذرائع نے دعویٰ کیا تھا کہ حوثیوں نے جنوبی بحیرہ احمر میں واقع ذقر جزیرے پر بھی قبضہ کرلیا ہے۔ ذرائع کے مطابق جزیرے پر راکٹ حملوں کے بعد کشتیوں کے ذریعے حوثی جنگجو اتارے گئے اور زمینی کارروائی کی گئی۔

بقیہ 8

مکئی 10 فیصد سے 15 فیصد کم قیمت پر فروخت ہو رہی ہے۔ پاکستان سے زرعی اجناس برآمد کرنے والے ادارے لوئس ڈیرس کے کنٹری ہیڈ اور گرینز اینڈ آئل سیڈز کے سربراہ محمد دانیال نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مکئی کی قیمت میں کمی کی وجہ اس کا معیار نہیں بلکہ اس میں پائی جانے والی طلب سے زائد نمی اور دیگر کثافتیں ہیں۔ محمد دانیال نے کہا کہ ایل ڈی سی کا پاکستان میں آمد کا مقصد یہاں پیدا ہونے والی اضافی اجناس کو عالمی منڈیوں میں مطلوبہ معیارات کے مطابق رسائی فراہم کرنا اور یہاں کے کسانوں کو ان کی فصل کی مناسب قیمت دلوانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان میں نہری نظام کی وجہ سے یہاں سے زرعی اجناس کی پیداوار بڑھانے اور عالمی منڈی میں فروخت کرنے کے وسیع امکانات روشن ہیں لیکن اس کے لیے زرعی انفرا اسٹرکچر کو بہتر بنانا اور اجناس کی کٹائی کے بعد اسٹوریج اور لاجسٹکس کو معیاری بنانا اہم ہے۔ محمد دانیال نے کہا کہ پاکستان نان جی ایم او مکئی پیدا کرتا ہے جس کی عالمی سطح پر زیادہ قیمت ملتی ہے لیکن چونکہ ہمارے کسانوں کے پاس مکئی کو خشک کرنے، مناسب جگہ ذخیرہ کرنے اور اسے منڈی تک لانے کا نظام مطلوبہ معیار سے مطابقت نہیں رکھتا ہے

بقیہ 9

اور اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کے درمیان ہونیوالی ملاقات میں سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس بھی شریک تھے، ملاقات کے دوران ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال سمیت تحریک انصاف کے آئندہ مارچ سے متعلق بھی غور کیا گیا۔

بقیہ 10

پر جاری بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم سماجی واقتصادی انصاف، مساوات، رواداری اور جمہوریت پر مبنی پاکستان کے خواہاں تھے، اتحاد، ایمان اور تنظیم قائداعظم کے سنہری اصول ہیں جن پر عمل ہی پاکستان کو مضبوط بنا سکتا ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ قائداعظم کی جدوجہد ہمیں قومی یکجہتی، دیانت، محنت اور حب الوطنی کا درس دیتی ہے، ہمیں قائداعظم کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ایسا پاکستان تشکیل دینا ہے جہاں ہر شہری کو مساوی حقوق اور ترقی کے مواقع حاصل ہوں۔

بقیہ 11

/سب ڈویژنل آفیسرز کے لیے 12 ہفتوں کے پیشہ ورانہ تربیتی پروگرام، محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے سپرنٹنڈنٹس و آفس کوآرڈینیٹرز کے لیے 8 ہفتوں کے تربیتی پروگرام اور اسسٹنٹ کمشنرز وسیکشن آفیسرز کے لیے پہلے پری سروس تربیتی پروگرام کے نصاب پر غور کیا گیا اور منظوری دی گئی۔ اجلاس میں مسٹر دوستین خان جمالدینی، مسٹر عبداللہ خان، ڈاکٹر جاوید انور شاہوانی، ڈاکٹر فیصل خان، سید غوث علی شاہ، مسٹر رحمت اللہ جانگیزی اور مسٹر نذر محمد کاکڑ سمیت کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی، جبکہ مسٹر محمد رفیق رئیسانی، مسٹر محمد رفیق اور ڈاکٹر علی نواز بلوچ خصوصی مدعوین کے طور پر شریک ہوئے۔ تربیتی پروگراموں کا مقصد سرکاری افسران کی پیشہ ورانہ، انتظامی، تکنیکی اور ڈیجیٹل صلاحیتوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا اور موثر، شفاف اور جوابدہ طرز حکمرانی کے لیے ان کی استعداد کار

میں اضافہ کرنا ہے۔ بلوچستان سول سروسز اکیڈمی سرکاری افسران کی استعداد کار میں اضافے، پیشہ ورانہ معیار کی بہتری اور بہترین طرز حکمرانی کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 12

حقوق کے تحفظ سے مستحکم ہوتی ہیں۔ قائداعظم کے اصول آج بھی پاکستان کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے عملی رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم کے پاکستان میں ہر صوبے اور ہر شہری کو مساوی احترام، مواقع اور حقوق حاصل ہیں۔ قومی یکجہتی اسی وقت مضبوط ہوگی جب ملک کے تمام حصوں اور شہریوں کو ترقی کے یکساں مواقع میسر ہوں اور ریاستی معاملات میں انصاف اور میرٹ کو بنیادی حیثیت حاصل ہو۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ قانون کی بالادستی، دیانت داری اور نظم وضبط قائداعظم کے بنیادی اصولوں میں شامل تھے۔ موجودہ دور میں ان اصولوں پر کاربند رہنا محض قومی فریضہ نہیں بلکہ پاکستان کے مستقبل کو محفوظ بنانے کی ضرورت بھی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کی ترقی کے لیے قومی یکجہتی اور اجتماعی ذمہ داری کے جذبے کو فروغ دینا ہوگا۔ سیاسی وسماجی اختلافات کے باوجود ملک کے وسیع تر مفاد کو مقدم رکھنا اور قومی اداروں کو مضبوط بنانا ہی ایک مستحکم پاکستان کی بنیاد بن سکتا ہے انہوں نے کہا کہ قائداعظم کی برسی ہمیں صرف ان کی عظیم جدوجہد کو یاد کرنے کا موقع نہیں دیتی بلکہ اپنے مستقبل کے حوالے سے قومی عہد کی تجدید کا تقاضا بھی کرتی ہے۔ ہمیں قائداعظم کے افکار کو عملی زندگی میں اپناتے ہوئے ایک ایسے پاکستان کی تعمیر کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا جہاں انصاف، میرٹ، قانون کی حکمرانی اور مساوی مواقع کو یقینی بنایا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا مستقبل ہیں اور انہیں تعلیم، ہنر اور آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ ایک باصلاحیت اور بااختیار نوجوان نسل ہی پاکستان کو ترقی اور خوشحالی کی نئی منزلوں تک لے جاسکتی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ قائداعظم جسمانی طور پر آج ہمارے درمیان موجود نہیں، تاہم ان کا قائم کیا ہوا پاکستان اور ان کے اصول آج بھی قوم کے لیے مشعل راہ ہیں۔ بانی پاکستان کے افکار کو عملی کردار میں ڈھال کر پاکستان کو ایک مستحکم، خوشحال اور باوقار ریاست بنایا جاسکتا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ انہیں جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور قوم کو ان کے اصولوں پر عمل کرتے ہوئے پاکستان کی تعمیر وترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کی توفیق دے۔

بقیہ 13

سلسلہ جاری رکھنے پر مجبور کیا جا رہا ہے، جس پر شہریوں نے سوال اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ جب گیس فراہم ہی نہیں کی جارہی تو بل کس سہولت کے عوض وصول کیے جارہے ہیں؟ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف گھروں کے چولہے ٹھنڈے ہیں، دوسری جانب بل باقاعدگی سے پہنچ رہے ہیں، یوں محسوس ہوتا ہے کہ نوشکی میں گیس صرف بلوں کے کاغذ پر دستیاب ہے، چولہے پر نہیں۔ عوام نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گیس کی فراہمی فوری بحال کی جائے۔

بقیہ 14

کر کے اندر جانے والوں کی سخت تلاشی لی گئی بازار کے اہم چوکوں اور حساس مقامات پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ آنے والی گاڑیوں کی تلاشی بھی سخت کردی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے ملک کی استحکام دہشتگردی کی خاتمے اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے اجتماعی دعا بھی کی گئی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی انتظامات انتہائی سخت کردی گئی مساجد اور امام بارگاہوں کے باہر فورسز کو تعینات کر کے مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھی گئی اسی طرح مساجد میں جانے والے لوگوں کی بھی تلاشی لی گئی ساتھ میں کوئٹہ کے مختلف حساس علاقوں اور چوکوں پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ میں داخل ہونے والے گاڑیوں کی بھی تلاشی سخت کر دی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے دہشتگردی کی خاتمے ملک کی استحکام اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے خصوصی دعا کی گئی اور نماز جمعہ کے خطبے کے دوران عوام پر زور دیا کہ وہ آپس میں اختلافات ختم کر کے ان شیطانی قوتوں کے خلاف متحد ہو جائے جو ملک کو کمزور کرنا چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ اسلام واحد مذہب ہے جو انسانیت کا درس دیتا ہیں جو لوگ اسلام کے نام پر دہشتگردی کرتے ہیں ان کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں بلکہ ان کو انسان کہلانے کی بھی لائق نہیں ہیں انہوں نے کہا کہ یہ ملک اسلام کے نام پر آزاد ہوا اللہ تعالیٰ خود اس ملک کا حفاظت کرے گا لیکن ہماری بھی فرض بنتا ہے کہ ملک کی استحکام اور کامیابی کیلئے ذاتی مفادات کے ساتھ ملکی مفادات کا بھی خیال رکھیں۔

بقیہ 15

ایف سی پنجگور رائفلز بریگیڈیئر نادر محی الدین تھے اور خاص مہمانوں میں ڈپٹی کمانڈنٹ پنجگور رائفلز کرنل معراج عالم، وائس چانسلر یونیورسٹی آف مکران ڈاکٹر میر سعادت بلوچ، فرید نواز صدر انجمن تاجران پنجگور، اسسٹنٹ کمشنر افتخار ظہیر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ڈاکٹر عابد حسین، مولانا علی احمد، سردار سعود احمد ساسولی و دیگر موجود تھے۔ تقریب میں پنجگور کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے یتیموں، ناداروں، بیواں، معذوروں اور بے روزگار نوجوانوں میں نوبت لسٹ کے ٹوکن تقسیم کئے گئے جس سے ناداروں، یتیموں اور بے روزگاروں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور انہوں نے کمانڈنٹ ایف سی پنجگور رائفلز بریگیڈیئر نادر محی الدین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہم بیوا، یتیم، معذور اور بے روزگار اس معاشرے کے وہی لاچار طبقہ ہیں جن کا کوئی سہارہ نہیں۔ ہم اپنے گھروں کے چولہے جلانے اور اپنے لئے دو وقت کی سوکھی روٹی تلاش کرنے کیلئے دردر کی ٹھوکریں کھا رہے تھے اور معاشرہ کے سب سے زیادہ معاشی طور پر بدحال لوگ تھے لیکن اس ٹوکن سے اب شاید ہماری زندگی میں بہتری آسکے گی اور اب ہمارے لئے دو وقت کی سوکھی روٹی کا باعزت طریقے سے انتظام ہو سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ٹوکن ہمارے لئے عارضی روزگار کا ایک اہم ذریعہ ہوگا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کمانڈنٹ ایف سی پنجگور رائفلز بریگیڈیئر نادر محی الدین، ڈاکٹر میر سعادت بلوچ، مولانا علی احمد فرید نواز اور دیگر نے کہا کہ معاشرہ اس وقت تک ترقی نہیں کرے گا جب تک معاشرے میں انصاف اور برابری نہ ہو اور معاشرے کا ہر فرد معاشی طور پر مستحکم نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں غربت کے ستائے ہوئے یتیموں، بیواں، معذوروں اور بے روزگاروں کیلئے ایک عارضی روزگار کے لئے انتظام کرنا ایک قابل تعریف عمل ہے اور اس کو اسی طرح صاف وشفاف طریقے سے جاری رہنا چاہیے۔ کمانڈنٹ ایف سی پنجگور رائفلز بریگیڈیئر نادر محی الدین نے نوبت لسٹ ٹوکن کی تقسیم کے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

بقیہ 1

لہ بچی بھی شامل ہے۔ پولیس ترجمان کے مطابق جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کے دوران بھاری مقدار میں غیر قانونی اسلحہ بھی برآمد کیا گیا۔ مختلف کارروائیوں میں 108 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 95 پسٹل وریوالور، 6 کلاشنکوف، 7 شارٹ گن ورائفل، 770 گولیاں وکارتوس اور 48 میگزین** برآمد کیے گئے۔ ترجمان کے مطابق بلوچستان پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھی موثر کارروائیاں کرتے ہوئے 62 ملزمان کو گرفتار کیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 81 کلو 468 گرام چرس، 10 کلو 67 گرام آئس/شیشہ، 525 گرام افیون، 200 پیکٹس گٹکا، 45 گرام کرسٹل، 49 بوتلیں شراب، 6 لیٹر دیسی شراب اور غیر قانونی سگریٹ کے 1279 بڑے پیکٹ برآمد کیے گئے۔ پولیس کے مطابق صوبے میں مختلف کارروائیوں کے دوران 3 مسروقہ گاڑیاں، 44 موٹر سائیکلیں اور 13 موبائل فونز بھی برآمد کیے گئے، جبکہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی اور غیر قانونی طور پر کالے شیشے استعمال کرنے والی 2253 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے گئے۔ ترجمان بلوچستان پولیس کا کہنا ہے کہ صوبے میں پرامن ماحول کے قیام، قانون کی عملداری یقینی بنانے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں بلا تعطل جاری رہیں گی۔ پولیس فورس کو ہدایت کی گئی ہے کہ قانون شکن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ترجمان کے مطابق آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے پولیس اور عوام کے درمیان تعاون کو مزید فروغ دینے، شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور احترام پر مبنی رویہ اپنانے کے ساتھ ساتھ تھانوں میں آنے والے سائلین کی شکایات کا بروقت ازالہ اور شفاف انداز میں قانونی کارروائی یقینی بنانے کی بھی ہدایات جاری کی ہیں۔

بقیہ 2

جائزہ لیا اور اہم امور پر ضروری ہدایات دیں۔ انہوں نے اقتصادی تعاون تنظیم اور علاقائی تجارت، روابط اور اقتصادی تعاون کے فروغ میں اس کے کردار کو پاکستان کی جانب سے دی جانے والی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ پاکستان میں ہونے والے کونسل آف منسٹرز کے اجلاس کو نتیجہ خیز اور کامیاب بنانے کے لیے تمام انتظامات جامع انداز میں مکمل کیے جائیں۔ اجلاس میں سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ اور وزارت خارجہ کے تمام متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 3

کے درمیان باہمی تجارت، زرعی تعاون، اقتصادی روابط اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران تاجکستان کے سفیر نے وفاقی وزیر کو ستمبر میں منعقد ہونے والے اقتصادی تعاون تنظیم کے اجلاس میں شرکت کی دعوت دی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان اور تاجکستان کے درمیان برادرانہ اور تاریخی تعلقات موجود ہیں، جبکہ دونوں ممالک مذہبی، ثقافتی اور تہذیبی رشتوں میں بھی جڑے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وسطی ایشیا میں تاجکستان پاکستان کا ایک اہم اور قابل اعتماد شراکت دار ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان تاجکستان کے ساتھ تجارت اور اقتصادی تعاون کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم میں اضافہ وقت کی اہم ضرورت ہے، جس کے لیے تجارت کے نئے مواقع اور متبادل تجارتی راستوں کو تلاش کرنا ہوگا۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان کی زرعی پیداوار، فوڈ پروسیسنگ، لائیو اسٹاک، زرعی ٹیکنالوجی اور ویلیو ایڈیشن کے شعبوں میں تاجکستان کے ساتھ تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ دونوں ممالک باہمی تجربات اور مہارت سے استفادہ کرتے ہوئے زرعی شعبے میں تعاون کو نئی جہت دے سکتے ہیں۔ تاجکستان کے سفیر یوسف شریف زادہ نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت میں کمی کو دور کرنے اور دوطرفہ تجارت کو دوبارہ بہتر سطح پر لانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لیے تجارت کے نئے اور متبادل مواقع تلاش کیے جانے چاہئیں۔ فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی روابط کے فروغ، کاروباری برادری کے روابط بڑھانے اور زرعی و غذائی شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ ملاقات میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ علاقائی رابطہ کاری، باہمی تجارت اور اقتصادی تعاون کو فروغ دے کر پاکستان اور تاجکستان اپنے برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنا سکتے ہیں۔

بقیہ 4

لیے لمحہ فکریہ ہے، پنجاب سے 80 فیصد کیسز کا آنا ثابت کرتا ہے کہ وہاں بچوں کے تحفظ کا نظام مکمل ناکام ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ 43 فیصد ملزمان کا بچوں کا واقف کار ہونا بتاتا ہے مسئلہ گھروں میں سخت نگرانی نہ ہونا بھی ہے، تقریبا 45 فیصد واقعات کا بچوں کے اپنے گھروں میں پیش آنا سب سے زیادہ افسوس ناک ہے۔ شیری رحمن نے کہا ہے کہ 57 فیصد کیسز شہری اور 43 فیصد دیہی علاقوں سے رپورٹ ہوئے، یہ مسئلہ پورے معاشرے کا ہے کسی ایک طبقے کا نہیں، 89 فیصد کیسز کا کیس درج ہونا اچھا ہے لیکن فوری تفتیش اور بروقت کارروائی بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں سے زیادتی کے ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہیں، ہر کیس کو مثال بنایا جائے اور ملزمان کو عبرتناک سزا دی جائے، اعلی عدلیہ بچوں کے خلاف سنگین جرائم کے مقدمات کا فوری ٹرائل کرے، بچوں کا تحفظ ریاست اور معاشرے دونوں کی مشترکہ ذمے داری ہے۔ شیری رحمن نے کہا ہے کہ والدین کو بھی اپنے اردگرد مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھنی ہوگی، اگر ہم معصوم بچوں کو تحفظ نہیں دے سکتے تو یہ نظام کی سب سے بڑی ناکامی ہے۔

بقیہ 5

نے کہا کہ چند افراد اٹھ کر سوشل میڈیا پر بلاوجہ واویلہ کررہے ہیں، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ اہم قومی شاہراہ صحبت پور کے وسط سے گزر رہی ہے جہاں کشمور منصوبے کے دونوں اطراف بڑے پیمانے پر ناجائز تجاوزات قائم کی گئی ہیں اور کسی نے پکی دکانیں تو کسی نے عارضی چھپرے بنا رکھے ہیں، جن کے خلاف باقاعدہ کارروائی کرتے ہوئے تمام قابضین کو ایک ہفتے کا حتمی نوٹس جاری کردیا گیا ہے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ ڈالنے والے عناصر اور ناجائز تجاوزات ناقابل برداشت ہیں، اور کچھ لوگ محض سانپ کی طرح اپنے بلوں سے نکل کر ان قبضہ خوروں کی حوصلہ افزائی کرنے کی ناکام کوشش کررہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے عزم ظاہر کیا کہ قانون کی بالادستی کو یقینی بناتے ہوئے ہر حال میں قومی شاہراہ کو مکمل طور پر کشادہ کیا جائے گا کیونکہ سرکاری املاک اور راستوں پر قبضہ کسی صورت بھی برداشت کے قابل نہیں۔ ضلعی انتظامیہ نے خبردار کیا ہے کہ مقررہ مدت کے اندر تجاوزات خود بخود ختم نہ کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 6

حکومت عالمی حالات کو جواز بنا کر عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مسلسل مہنگائی کا سامنا کرنے پر مجبور کررہی ہے، اگر حکومت اپنا نظام موثر انداز میں نہیں چلاسکتی تو اس کی ناکامی کا بوجھ عام آدمی پر ڈالنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے فواد حسین چوہدری نے کہا کہ تیل کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر اضافہ ہورہا ہے، صورتحال یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ شہریوں نے موٹر سائیکلیں گھروں میں کھڑی کرنا شروع کردی ہیں، اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو حکومت کو عوام کے سامنے جواب دینا ہوگا کہ وہ انہیں مزید کتنا بوجھ برداشت کرنے پر مجبور کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی قیمت میں صرف سات ماہ کے دوران 28 فیصد اضافہ ہوچکا ہے، ملک بھر میں لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے، اس کے باوجود سرکاری سطح پر اربوں روپے کے فائدے کی باتیں کی جارہی ہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ جب عوام بجلی کی عدم دستیابی اور مہنگے بلوں کا سامنا کررہے ہوں تو محض مالی فائدے کے دعوے کس طرح عوامی مسائل کا متبادل بن سکتے ہیں۔ فواد چوہدری نے حکومتی اخراجات پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں عام آدمی کو کفایت شعاری کا درس دیا جاتا ہے جبکہ حکمران طبقے کے اخراجات میں کمی نظر نہیں آتی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے ذمہ دار افراد کو یہ وضاحت دینی چاہیے کہ سرکاری وسائل کہاں اور کس مقصد کیلئے استعمال ہورہے ہیں، اگر حکومتی شخصیات کے بیرون ملک دورے ذاتی نوعیت کے ہیں تو ان کے اخراجات کی تفصیلات اور رسیدیں عوام کے سامنے لائی جائیں۔

بقیہ 7

کے علاقے میں چہل قدمی کرتے ہوئے اسرائیلی ڈرون حملے میں شہید ہوگئے۔ اگرچہ الیزوریلی کی شناخت فوری طور پر نہیں ہوسکی ہے، کیونکہ جسم کے ٹکڑے ہوگئے تھے اور چہرا بھی مسخ تھا۔ ذرائع نے انکشاف کیا کہ الیزوریلی کے ساتھ اچانک رابطہ منقطع ہوا جس کی وجہ سے ان کے قریبی ساتھیوں نے انہیں ڈھونڈنے کی کوشش کی اور واضح ہوا کہ انہیں ٹارگٹ کیا گیا ہے اور وہ اسرائیلی حملوں کے متاثرین میں شامل ہیں۔ دو ذرائع کے مطابق الیزوری نے خان یونس بریگیڈ کی ذمہ داری بریگیڈ کے رہنماں عزالدین الحداد اور محمد عودہ کے قتل کے فورا بعد سنبھالی، جنہیں مئی میں شہید کردیا گیا تھا۔

بقیہ 8

ہے اور عزم کی تجدید کی گئی۔ بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کے یوم وفات کے موقع پر گورنر سندھ نہال ہاشمی اور وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے مزار قائد پر حاضری دی۔ گورنر اور وزیراعلی سندھ نے مزار قائد پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر صوبائی وزرا، مشیر، معاونین خصوصی اور ایڈیشنل آئی جی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ تینوں مسلح افواج کے نمائندوں نے بھی مزار قائد پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر گورنر نہال ہاشمی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بابائے قوم کے یوم وفات پر ان کو خراج تحسین پیش کرنے آئے ہیں۔ قائداعظم نے اپنا چین، سکون، آرام اور ذاتی مفاد سے بالاتر ہوکر مملکت خداداد پر اپنا وقت صرف کیا، قائداعظم نے ہمیں رہنما اصول بھی بتائے جس پر ہمیں چلنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بسنے والے لوگ دنیا کی عظیم قوم بنے گی، ہم نے پاکستان کو متحد رکھنا ہے اور دنیا میں مثال بنانا ہے، پاکستان کے آئینی اور جمہوری نظام کو مضبوط کریں، آئیں عہد کریں کہ قائداعظم کے خواب کی تعبیر کریں۔ گورنر سندھ نے کہا کہ دھرنا دینا بنیادی حق ہے لیکن دھرنے سے مریض، عام لوگ اور طلبہ متاثر ہوں تو آپ خود فیصلہ کریں کہ یہ ٹھیک ہے۔ حکومت بھی چاہتی ہے کہ سہولیات عوام کو دی جائیں لیکن عالمی حالات کے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اس موقع پر وزیراعلی مراد علی شاہ نے کہا کہ جو خواب علامہ اقبال نے دیکھا وہ پورا ہوا، اللہ پاکستان کو تاقیامت متحد رکھے۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ کا کہنا تھا کہ پاکستان میں اتحاد، تنظیم اور یقین محکم کے برعکس لوگ تقسیم کی بات کررہے ہیں

بقیہ 9

ورک بنا دیا گیا ہے۔ بلال بن ثاقب نے کہا کہ ڈیجیٹل ترسیلات زر کے ذریعے پاکستانیوں کی ترسیلات زر کی موجودہ لاگت 6.5 فیصد ہے جو کم ہوکر ایک فیصد رہ جائے گی اور لاگت کم ہونے سے 41 کروڑ ڈالر کی بچت ہوسکتی ہے۔

بقیہ 10

جھٹ پٹ دھیرج کالرا کی سربراہی میں منعقد ہوئی، جس میں ضلع کے تمام متعلقہ محکموں کے افسران اور نمائندگان نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں جعفرآباد سے تعلق رکھنے والی کثیر تعداد میں خواتین نے بھرپور شرکت کی اور تعلیم، صحت، آب نوشی، سرکاری ملازمتوں میں خواتین کے جائز حصے، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام میں درپیش مشکلات سمیت دیگر مسائل سے ضلعی افسران کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ اس موقع پر تمام خواتین سائلین کی شکایات فرداً فرداً اور بالترتیب سنی گئیں، جبکہ متعلقہ محکموں کے افسران نے ان کے مسائل اور شکایات پر جوابات فراہم کیے اور ممکنہ حل کے حوالے سے آگاہی دی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر جھٹ پٹ دھیرج کالرا نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں خواتین کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا ہے تاکہ خواتین کو اپنے مسائل براہ راست ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کے افسران کے سامنے پیش کرنے کے لیے مؤثر پلیٹ فارم فراہم کیا جاسکے اور ان کے مسائل کا بہتر اور بروقت ازالہ یقینی بنایا جا سکے، ضلعی انتظامیہ خواتین کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے گی۔

بقیہ 11

متعدد کارتوس برآمد ہوئے۔ سی ٹی ڈی حکام نے بتایا کہ کالعدم تنظیم آئی ایس کے پی کا اہم کمانڈر عمران عرف ابوبکر دہشت گردی، بم دھماکوں اور ٹارگٹ کلنگ کے 20 مقدمات میں مطلوب اشتہاری تھا۔ دوسری جانب خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے افغان خارجی عبیداللہ سعد سمیت 4 دہشت گرد جہنم واصل کر دیئے جبکہ سکیورٹی فورسز نے بلوچستان میں مکران ڈویژن کے ضلع تمپ میں بروقت کارروائی کر کے فتنہ الہندوستان کا بزدلانہ حملہ بری طرح ناکام بنا دیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق کرم ڈسٹرکٹ میں سکیورٹی فورسز نے 8 ستمبر 2026 کو خوارج کے خلاف کامیاب کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الخوارج سے منسلک افغان خارجی عبیداللہ سعد کو تین ساتھیوں سمیت جہنم واصل کیا۔ ذرائع کے مطابق ہلاک ہونے والا خارجی عبیداللہ سعد ولد غلام غوث صالحی افغانستان کے صوبہ لوگر کے گاں شاہی قلعہ کا رہائشی تھا اور کالعدم فتنہ الخوارج سے وابستہ تھا۔ یاد رہے کہ عبیداللہ سعد پاکستان میں دہشت گردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث تھا۔ سکیورٹی فورسز کی جانب سے افغانستان سے دراندازی کرنے والے ریاست دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی، جبکہ ملک کے امن وسلامتی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ دوسری جانب سکیورٹی فورسز نے بلوچستان میں مکران ڈویژن کے ضلع تمپ میں بروقت کارروائی کر کے فتنہ الہندوستان کا بزدلانہ حملہ بری طرح ناکام بنا دیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے ڈپٹی کمشنر تمپ کے پروٹیکشن سکواڈ پر دہشت گردوں کے حملے کو بروقت اور بھرپور کارروائی سے ناکام بنایا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے ڈپٹی کمشنر تمپ کی گاڑی کو نشانہ بنا کر سکواڈ کو اغوا کرنے کی بزدلانہ سازش کی، سکیورٹی فورسز کی موثر کارروائی میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے عزائم خاک میں مل گئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر تمپ کے سکواڈ کے تمام اہلکاروں کو بروقت اور محفوظ طریقے سے دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے سے بچا لیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ سکیورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد گاڑی اور اسلحہ چھوڑ کر فرار ہوگئے، بروقت کارروائی میں فتنہ الہندوستان کے متعدد حملہ آور دہشت گردوں کے زخمی ہونے کی بھی اطلاعات ہیں۔

بقیہ 12

ملتے ہی پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر تحقیقات شروع کردی جبکہ لاش کو ضروری کارروائی کے لیے ہسپتال منتقل کردیا گیا۔

بقیہ 13

انہوں نے کہا کہ ملک میں سیاسی اختلاف کو طاقت، مقدمات اور ایف آئی آرز کے ذریعے دبانے کی کوششیں مسائل کا حل نہیں بلکہ سیاسی بے چینی میں مزید اضافے کا باعث بن رہی ہیں۔ سید صادق آغا نے وزیراعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے خلاف ایف آئی آر کے اندراج کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی قیادت کے خلاف مقدمات کا اندراج جمہوری روایات کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلی خیبر پختونخوا ایک آئینی عہدے پر فائز ہیں اور ان کے خلاف کسی بھی اقدام میں سیاسی انتقام کے بجائے قانون اور آئین کے تقاضوں کو مقدم رکھا جانا چاہیے۔ حکومت کو چاہیے کہ مخالف سیاسی آوازوں کو دبانے کے بجائے ان کے مقف کو سنے اور قومی معاملات پر سنجیدہ سیاسی مذاکرات کا راستہ اختیار کرے۔ انہوں نے کہا کہ 27 ستمبر کا لانگ مارچ کسی ایک فرد یا جماعت کا مسئلہ نہیں بلکہ ملک میں آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی، سیاسی آزادی اور عوام کے بنیادی حقوق کے لیے جمہوری جدوجہد کا حصہ ہے۔ تحریک انصاف بلوچستان کے کارکنان ملک بھر میں ہونے والی اس جدوجہد کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں اور جمہوری وآئینی حق کے طور پر پرامن سیاسی سرگرمیوں کی حمایت جاری رکھیں گے۔ سید صادق آغا نے کہا کہ پاکستان اس وقت متعدد سیاسی، معاشی اور سماجی مسائل سے دوچار ہے، ایسے حالات میں سیاسی قوتوں کے درمیان تصادم کے بجائے افہام وتفہیم اور مذاکرات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ سیاسی مقدمات اور گرفتاریوں کے ذریعے ماحول کو مزید کشیدہ کرنے کے بجائے تمام سیاسی قوتوں کو اعتماد میں لے کر ملک کو سیاسی استحکام کی طرف لے جایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے سیاسی شعور اور جمہوری حق کو طاقت کے ذریعے ختم نہیں کیا جاسکتا، حکومت کو عوامی آواز کا احترام کرنا ہوگا۔

بقیہ 14

میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24 اور ژوب میں 35 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ صوبے کے گرم علاقوں میں سبی کا درجہ حرارت 43 اور تربت کا 39 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ نوکنڈی میں گرمی کی شدت زیادہ رہی جہاں درجہ حرارت 44 ڈگری سینٹی گریڈ تک جا پہنچا، اور پاک افغان سرحدی شہر چمن میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ علاوہ ازیں بلوچستان کے ساحلی علاقوں گوادر اور جیوانی میں موسم نسبتا بہتر رہا جہاں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق صوبے کے اکثر علاقوں میں سورج کی تپش برقرار رہے گی، اور گرمی کی شدت کے پیش نظر شہریوں کو غیر ضروری سفر اور دھوپ سے بچنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 15

کی بطور وزیراعلی نامزدگی سزا یافتہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی جانب سے کی گئی تھی۔ کیس کی سماعت وفاقی آئینی عدالت میں 14 ستمبر کو ہوگی، جہاں درخواست کے قابل سماعت ہونے اور دیگر قانونی نکات پر کارروائی آگے بڑھنے کا امکان ہے۔

بقیہ 16

اور عوامی روابط بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ ترجمان وزارت تجارت کے مطابق ملاقات میں ہانگ کانگ کے سیکرٹری تجارت واقتصادی ترقی الجرنن یا اور پاکستانی قونصل جنرل ریاض احمد شیخ بھی موجود تھے۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی تجارتی و اقتصادی تعلقات مزید مضبوط بنانے پر اتفاق اور سرمایہ کاری اور عوامی روابط بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ہانگ کانگ کے چیف ایگزیکٹو نے بیلٹ اینڈ روڈ سمٹ میں جام کمال خان کے مؤثر خطاب کو سراہا اور علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے کردار کی تعریف کی۔ جام کمال خان نے خدمات، مالیات، ہوابازی اور بزنس ٹو بزنس روابط میں تعاون بڑھانے پر زور دیا اور کیتھے پیسیفک کی پاکستان کے لیے پروازیں بحال کرنے کی تجویز بھی پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ بہتر فضائی روابط سے تجارت، سیاحت اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ جام کمال نے چیف ایگزیکٹو ہانگ کانگ جان لی کا چیو کو دورِ پاکستان کی دعوت بھی دی۔

بقیہ 17

میں حبیب ولد محمد عارف اور جنید ولد دیدگ وفا شامل ہیں، جنہیں فوری طور پر اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ مقامی لوگوں کے مطابق فائرنگ کا واقعہ اچانک پیش آیا جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور متعلقہ اداروں نے موقع پر پہنچ کر تحقیقات کے ساتھ ساتھ گواہان کے بیانات قلمبند کیے۔ پولیس نے جاں بحق زین عارف کی میت لواحقین کے حوالے کردی ہے، تاحال حملہ آوروں کی شناخت اور فائرنگ کی وجوہات سامنے نہیں آ سکیں، تاہم سکیورٹی سخت کر کے واقعے کے محرکات معلوم کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ 18

انسداد دہشت گردی کی عدالت میں حماد اظہر سے ملاقات نہ کروانے کے معاملے پر حماد اظہر کی والدہ کی درخواست پر سماعت ہوئی، عدالت نے مدعیہ کے وکیل ابوذر سلمان نیازی سے درخواست کے قابل سماعت ہونے پر دلائل طلب کرتے ہوئے پولیس کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ عدالت نے سماعت 15 ستمبر تک ملتوی کر دی۔ حماد اظہر کی والدہ کی رخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ پولیس حماد اظہر کے اہل خانہ اور وکیل کو ان تک رسائی نہیں دے رہی، زیر حراست ملزم کو قانونی حق حاصل ہے کہ وکیل اور اہل خانہ سے ملاقات کروائی جائے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ پولیس کا یہ عمل قانون کے خلاف ہے، عدالت حماد اظہر سے وکیل اور اہل خانہ کی ملاقات کا حکم دے۔

بقیہ 19

ریاست قائم کی، ان کی بے مثل قیادت قومی تاریخ کا روشن ترین باب ہے۔ اپنے پیغام میں محسن نقوی نے کہا کہ قائداعظم کی شخصیت میں کردار کی بلندی، سچائی اور عمل کی یکسوئی نمایاں تھی۔ انہوں نے شدید علالت کے باوجود عزم وہمت سے قوم کو آزادی کی منزل تک پہنچایا۔ وفاقی وزیر نے یاد دلایا کہ قائداعظم اقلیتوں کے مساوی حقوق کے علمبردار تھے اور حکومت کو عوام کی امانت سمجھتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ایمان، اتحاد اور تنظیم پاکستان کی اصل روح ہیں جن پر عمل درآمد ہی ملکی ترقی کا واحد راستہ ہے۔

بقیہ 20

آزاد وطن کا خواب شرمندہ تعبیر کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت ملک کو معاشی استحکام اور ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے۔ قائداعظم محمد علی جناح کی 78 ویں برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ریلوے میں اصلاحات، ڈیجیٹلائزیشن، جدید ٹیکنالوجی اور انفراسٹرکچر کی بہتری حکومت کے ترقیاتی ایجنڈے کا اہم حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے کو محفوظ، جدید اور عوام دوست ادارہ بنانا بانی پاکستان کے خودمختار پاکستان کے وژن کی تکمیل کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ قائداعظم کے زریں اصولوں، اتحاد، ایمان اور نظم وضبط کو مشعلِ راہ بنا کر ہی ملک کو خوشحال اور ترقی یافتہ بنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 21

پنجاب کے 13 مخصوص اضلاع میں 1 کروڑ 6 لاکھ، سندھ کے 30 مخصوص اضلاع میں 1 کروڑ، خیبر پختونخوا کے 37 مخصوص اضلاع میں 73 لاکھ، بلوچستان کے 32 مخصوص اضلاع میں 23 لاکھ جبکہ اسلام آباد میں 4 لاکھ 47 ہزار بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ گلگت بلتستان کے 2 مخصوص اضلاع میں 1 لاکھ 37 ہزار بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ نیشنل ای او سی کے مطابق بچوں کو پولیو سے محفوظ مستقبل فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ قومی ذمہ داری ہے۔ پولیو کے مکمل خاتمے کے لئے والدین پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کو یقینی بنائیں اور اپنے پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو اس مہم کے دوران پولیو کے قطرے لازمی پلائیں۔

بقیہ 22

اور لیبر ڈیپارٹمنٹ کے قواعد پر عمل کو لازمی قرار دیا گیا ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق پی پی ڈی اے کی جانب سے ڈیلرز کو اپنے ریکارڈ، دستاویزات اور حفاظتی اقدامات دوبارہ چیک کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ مختلف سرکاری محکمے، ریگولیٹری اور مقامی حکام ملک بھر میں پیٹرول پمپس کا معائنہ کرنے جا رہے ہیں۔ ایڈوائزری میں تمام ڈیلرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ اوگرا، ایکسپلوز، سول ڈیفنس اور لیبر ڈیپارٹمنٹ کے قوانین کے مطابق آلات اور حفاظتی انتظامات مکمل رکھیں، حفاظت اور سکیورٹی کو اولین ترجیح دی جائے۔ ایسوسی ایشن نے ڈیلرز کے مفادات کے تحفظ اور متعلقہ حکام سے رابطے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن حکام سے مسلسل رابطے میں رہے گی۔

بقیہ 23

کے بھائی نے چیئرمین قومی کمیشن برائے انسانی حقوق کو خط لکھا ہے جبکہ متاثرہ فیملی نے وزارت قانون اور پارلیمنٹ کی کاکس کمیٹی کو بھی خط بھیجا ہے۔ خط میں تفتیش ایف آئی آر کے مطابق نہ کیے جانے کے خدشے کا اظہار کیا گیا ہے، اس کے علاوہ خط کے متن میں کہا گیا کہ خدشہ ہے حنا قتل کیس میں سچ چھپانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ خط کے مطابق تفتیش کا رخ اصل ملزم کے بجائے گھریلو ملازم کی جانب موڑا جارہا ہے، کیس کے اہم شواہد کو درست طریقے سے محفوظ نہیں کیا گیا۔ اہلخانہ کی جانب سے لکھے گئے خط میں کہا گیا کہ مرکزی ملزم اور گھریلو ملازم کے تمام الیکٹرانک آلات کا فوری فارنزک کرایا جائے۔ اہلخانہ نے مطالبہ کیا ہے کہ حنا جاوید قتل کیس کی تفتیش آزاد تفتیشی ٹیم کے سپرد کی جائے۔

بقیہ 24

گا۔ میجر راجہ عزیز بھٹی شہید نے 12 ستمبر 1965 کو پاک بھارت جنگ کے دوران لاہور کے محاذ پر سینہ سپر ہوتے ہوئے جام شہادت نوش فرمایا۔ انہیں پاکستان کی مسلح افواج کے سب سے بڑے اعزاز نشان حیدر سے نوازا گیا۔ برسی کے موقع پر شہید کی آخری آرام گاہ پر پھولوں کی چادریں چڑھائی جائیں گی اور فاتحہ خوانی کی جائے گی۔ اس موقع پر مساجد میں قرآن خوانیوں کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔

بقیہ 25

وآرائش اور شجرکاری پر مشتمل 10 روزہ خصوصی مہم بھرپور انداز میں جاری ہے۔ مہم کے دوران شہر کے مختلف علاقوں، سڑکوں، گلیوں اور میدانوں سے کچرے کے ڈھیروں کو ہٹانے کے ساتھ ساتھ صفائی ستھرائی کے مؤثر اقدامات کیے جارہے ہیں، جبکہ شہر کی خوبصورتی اور ماحول کو بہتر بنانے کے لیے مختلف مقامات پر درختوں کے پودے بھی لگائے جارہے ہیں۔ صفائی مہم کی نگرانی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر چمن فدا احمد بلوچ، میئر میونسپل کارپوریشن وقبائلی رہنما حاجی حبیب اللہ اچکزئی، ڈپٹی میئر مطیع اللہ اچکزئی، چیف آفیسر حافظ منیر اور سینیٹری آفیسر محمد اصغر خان کررہے ہیں۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فدا احمد بلوچ، چیف آفیسر حافظ منیر اور ڈپٹی میئر مطیع اللہ اچکزئی نے کہا کہ صفائی مہم کا مقصد چمن شہر کو صاف ستھرا، خوبصورت اور سرسبز بنانا ہے۔ مہم کے دوران صفائی کے ساتھ ساتھ شجرکاری اور شہر کی تزئین وآرائش پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صاف چمن، سرسبز چمن کے مقصد کے حصول کے لیے ضلعی انتظامیہ، میونسپل کارپوریشن اور متعلقہ ادارے بھرپور اقدامات کررہے ہیں، تاہم اس مہم کی کامیابی کے لیے شہریوں کا تعاون بھی انتہائی ضروری ہے۔ انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ کچرا مقررہ مقامات پر ڈالیں، صفائی کا خیال رکھیں اور شہر کو صاف، خوبصورت اور سرسبز بنانے کی اجتماعی کوششوں میں بھرپور تعاون کریں۔

بقیہ 26

میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے اخونزادہ یوسفزئی کا کہنا تھا کہ لانگ مارچ کا اعلان وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے کیا ہے، وہی اس کی قیادت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن قیادت عطاء اللہ مینگل کی برسی کے سلسلے میں کراچی جارہی ہے۔ ایک تجویز یہ تھی کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کا اجلاس کراچی میں ہی کرلیں۔ ترجمان تحریک تحفظ آئین پاکستان کا کہنا تھا کہ اپوزیشن اتحاد کا اجلاس 15 ستمبر کو ہوگا جس میں اہم فیصلے ہوں گے جبکہ لانگ مارچ کی تیاریوں اور پیشرفت کا جائزہ بھی لیا جائے گا۔

بقیہ 27

لیاقت اور محمد الطاف ولد عطا محمد کے نام سے ہوئی، ملزمان سے ایک پستول بمع گولیاں، موبائل فونز، کیش رقم اور موٹرسائیکل برآمد کی گئی۔ نیو کراچی انڈسٹریل ایریا پولیس نے جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب صبا سینما سیکٹر 6بی کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔

بقیہ 28

معاشرے اور خاندان کی تعمیر وترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ ان کے خلاف تشدد، جنسی زیادتی، اغوا اور قتل کے واقعات نہ صرف انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہیں بلکہ ہماری اجتماعی، اخلاقی اور سماجی ذمہ داریوں پر بھی سوالیہ نشان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سب سے زیادہ تشویشناک پہلو یہ ہے کہ آئے روز معصوم بچوں اور کمسن بچیوں کے ساتھ زیادتی اور قتل کے لرزہ خیز واقعات سامنے آرہے ہیں۔ ایسے واقعات کے بعد چند روز تک غم وغصے کا اظہار کافی نہیں بلکہ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان جرائم کے بنیادی اسباب کا مستقل بنیادوں پر جائزہ لیا جائے، مجرموں کی بروقت گرفتاری اور شفاف تفتیش یقینی بنائی جائے اور انہیں قانون کے مطابق سخت سزا دلوانے کے لیے نظام انصاف کو مؤثر بنایا جائے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ وہ بحیثیت رکنِ سینیٹ خواتین اور بچوں کے حقوق اور تحفظ کے معاملے کو مسلسل پارلیمنٹ میں اجاگر کرتی رہی ہیں۔ انہوں نے اس حوالے سے مؤثر قانون سازی کے لیے سینیٹ میں متعدد بلز بھی پیش کیے ہیں جن پر پارلیمانی سطح پر پیش رفت ہوئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ قانون سازی کسی بھی معاشرے میں تحفظ فراہم کرنے کی بنیادی بنیاد ہے، تاہم صرف قوانین بنانا کافی نہیں، ان قوانین پر مؤثر اور بلاامتیاز عملدرآمد بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک وہ سینیٹ کی رکن ہیں، وہ خواتین اور بچوں کے خلاف ہونے والے مظالم، زیادتی اور تشدد کے واقعات کو پارلیمنٹ میں بھرپور انداز میں اجاگر کرتی رہیں گی اور مؤثر قانون سازی، قوانین پر عملدرآمد اور متاثرہ خاندانوں کو انصاف کی فراہمی کے لیے اپنی آواز بلند کرتی رہیں گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ پارلیمانی مدت کے بعد بھی وہ خواتین اور بچوں کے تحفظ کے اس اہم اور حساس مسئلے پر اپنی آواز بلند کرنے کا سلسلہ جاری رکھیں گی۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم کے مقدمات میں فوری کارروائی، جدید سائنسی بنیادوں پر تفتیش اور شفاف تحقیقات کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 29

کی کہ منصوبے کی پیش رفت کی مسلسل نگرانی کی جائے تاکہ مقررہ مدت کے اندر جدید ای کامرس و آئی ٹی لیب کو فعال بنایا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی نے کہا کہ جدید آئی ٹی و ای کامرس لیب نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل مہارتوں اور ای کامرس کے شعبے میں مواقع فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔

بقیہ 30

۔ یہ شہر یوکرینی فوج کیلئے اہم سپلائی روٹ بھی ہے، جو وسطی یوکرین کو مشرقی محاذ کے علاقوں سے ملاتا ہے، روسی حملوں میں دارالحکومت کیف میں پٹرول سٹیشن اور جنوب مشرقی شہر دنیپرو میں بین الاقوامی زرعی کاروباری کمپنی کی تنصیب کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ حالیہ ہفتوں کے دوران ماسکو نے یوکرین کے لاجسٹکس اور معاشی ڈھانچے کے خلاف فضائی حملوں میں اضافہ کیا ہے۔ دوسری جانب روس کے سرحدی علاقے میں یوکرینی ڈرون حملوں کے نتیجے میں 2 افراد ہلاک جبکہ 7 زخمی ہوگئے۔ علاقائی حکام نے بتایا کہ یوکرینی ڈرونز نے مختلف مقامات کو نشانہ بنایا، حکام کے مطابق نووی اوسکول شہر میں ڈرون ایک نامعلوم تنصیب کے قریب پھٹا، جس کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک ہوگیا جبکہ مختلف علاقوں میں مجموعی طور پر پانچ افراد زخمی ہوئے۔ شیبی کینو میں ایک ڈرون نے گاڑی کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار ایک شخص ہلاک ہوگیا جبکہ اس کے ساتھ سفر کرنے والی ایک خاتون زخمی ہوگئی۔ بیلگورود کا علاقہ یوکرین کی سرحد سے متصل ہے اور روسی حکام کے مطابق یہ خطہ یوکرینی ڈرون حملوں کا اکثر نشانہ بنتا رہا ہے۔

بقیہ 31

پاور ڈویژن کے مطابق اس موقع پر پاکستان بزنس کونسل کی جانب سے ڈاکٹر نوید ارشد نے تیار کردہ سٹریٹجک فریم ورک پر پریزنٹیشن دی جس میں پاور سیکٹر کو درپیش طلب اور لاگت کے باہمی چیلنجز، بجلی کی کھپت بڑھانے کے امکانات اور موجودہ پیداواری صلاحیت کے بہتر استعمال سے متعلق مختلف تجاویز پیش کیں۔

بقیہ 32

والے دیگر اڈوں کو بھی تباہ کیا۔ ایرانی وزیرِ خارجہ نے کہا کہ امریکی عوام اس بات کے مستحق ہیں کہ انہیں اسرائیل کی جنگوں کا بوجھ نہ اٹھانا پڑے۔

بقیہ 33

ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن وامان کے قیام کے لیے فورسز کی قربانیاں اور کوششیں لائق تحسین ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کے بہادر جوان قوم کا فخر ہیں اور پوری قوم دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 34

سے تعلق رکھنے والے ایم فل اور پی ایچ ڈی اسکالرز نے شرکت کی، جنہیں ریسرچ پروپوزل کی تیاری، گریجویٹ رولز اور تھیسس جمع کرانے کے طریقہ کار سے متعلق جامع رہنمائی فراہم کی گئی۔ ورکشاپ کے دوران دو نمایاں سیشنز کا انعقاد ہوا، جن کی میزبانی شعبہ مینجمنٹ سائنسز کے چیئرمین ڈاکٹر غلام جان اور گریجویٹ اسٹڈیز کے ڈائریکٹر ڈاکٹر وسیم برکت نے کی۔ ڈاکٹر غلام جان نے اپنے سیشن میں موثر تحقیقی پروپوزل لکھنے کے طریقہ کار، ساخت اور بنیادی ضروریات کے بارے میں شرکاء کو رہنمائی فراہم کی، جبکہ ڈاکٹر وسیم برکت نے اپنے سیشن کے دوران جامعہ تربت کے گریجویٹ رولز اینڈ ریگولیشنز پر ایک جامع اور معلوماتی بریفنگ دی۔ جامعہ تربت کے ترجمان کے مطابق، وائس چانسلر ڈاکٹر گل حسن نے ورکشاپ کے انعقاد کو سراہتے ہوئے اسے ایم فل اور پی ایچ ڈی اسکالرز کی تحقیقی صلاحیت کو مزید نکھارنے کے لیے ایک بروقت اور اہم اقدام قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ جامعہ تربت گریجویٹ اسکالرز کو تحقیقی رہنمائی فراہم کرنے اور ان کی تحقیقی صلاحیتوں میں اضافہ کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھارہی ہے، تاکہ وہ بین الاقوامی معیار کی تحقیق کرنے کے قابل ہوسکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس نوعیت کے اقدامات جامعہ تربت کے اسٹریٹجک پلان 2030 کا حصہ ہیں، جس کا بنیادی مقصد جامعہ تربت میں قومی ترجیحات پر مبنی معیاری تحقیقی سرگرمیوں کو فروغ دینا اور یونیورسٹی کو صفِ اول کی جامعات میں شامل کرنا ہے۔ انہوں نے اس کامیاب ورکشاپ کو جامعہ تربت کے اسکالرز میں تحقیقی شعور بیدار کرنے اور معیاری تحقیق کی راہ ہموار کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔ جامعہ تربت کے ترجمان کے مطابق، اس وقت جامعہ میں تقریباً 64 گریجویٹ اور انڈر گریجویٹ پروگراموں میں داخلے جاری ہیں۔ نوجوانوں کے لیے یہ ایک سنہری موقع ہے کہ وہ ان معیاری اور جدید دور کی ضروریات سے ہم آہنگ تعلیمی پروگراموں میں داخلہ لے کر اپنے روشن اور کامیاب مستقبل کی بنیاد رکھیں۔

بقیہ 35

بچوں کی فیس ودیگر ضرویات کی چیزیں عدم فراہمی سے انکی مشکلات مذید بڑھ گئی ملازمین نے حالات سے تنگ آکر احتجاج کا اعلان کردیا ملازمین نے مطالبہ کیا ہے انکی تنخواہیں فوری طور پر ادا کی جائیں۔

بقیہ 36

سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمن، ڈائریکٹر جنرل فشریز، ایڈیشنل سیکرٹری فشریز، ایڈیشنل سیکرٹری قانون اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ اجلاس کے آغاز میں محکمہ ماہی گیری کی جانب سے بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر بل 2026 کے حوالے سے کمیٹی کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ بلوچستان میں ماہی گیری، ایکوا کلچر، فشریز ہاربرز اور ساحلی ترقی سے متعلق موجودہ قوانین انتہائی پرانے اور مختلف قوانین میں منقسم ہیں، جن میں بلوچستان فشریز آرڈیننس 1961، بلوچستان سی فشریز آرڈیننس 1971، پسنی فشریز ہاربر اتھارٹی آرڈیننس 1983 اور بلوچستان کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی ایکٹ 1998 شامل ہیں۔ ان پرانے قوانین کے باعث بعض معاملات میں انتظامی و قانونی خلا اور ادارہ جاتی اختیارات میں باہمی تداخل پیدا ہورہا ہے۔ بریفنگ کے مطابق مجوزہ بل کا بنیادی مقصد فشریز اور ایکوا کلچر کے شعبے کے لیے ایک مربوط اور جدید قانونی نظام وضع کرنا ہے، جس کے تحت پائیدار ماہی گیری وایکوا کلچر، ہاربرز اور ساحلی ترقی، لائسنسنگ، ڈیجیٹل گورننس، نگرانی و مانیٹرنگ، ماحولیاتی تحفظ اور ماہی گیروں کی فلاح و بہبود کو مؤثر بنایا جاسکے، جبکہ مجوزہ قانون کے ذریعے صوبائی قانون سازی کو بین الاقوامی بہترین طریق کار سے ہم آہنگ کرنے کی بھی تجویز دی گئی ہے۔

بقیہ 37

شواہد اکٹھے کرنے کے ساتھ ساتھ علاقے میں ناکہ بندی کر کے مغوی کی بازیابی اور ملزمان کی تلاش کے لیے چھاپے مارنے شروع کر دیے ہیں۔ واقعے کے بعد سیاسی وسماجی حلقوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے، جبکہ سی پولیس کی جانب سے اس گھنانے واقعے کے محرکات اور ملزمان کا سراغ لگانے کے لیے مزید گہرائی سے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 38

ہونے والے شخص کی لاش کو ضروری کارروائی کے لئے ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ جاں بحق شخص کی شناخت 61 سالہ امانت علی ولد اللہ دتہ ساکن وہاڑی کے نام سے ہوئی ہے، نامعلوم گاڑی کا ڈرائیور حادثے کے بعد موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ پولیس حکام کا مزید کہنا ہے کہ حادثہ تھانہ سٹی کی حدود میں ہوا، فرار ہونے والے گاڑی کے ڈرائیور کی تلاش شروع کردی گئی، حادثے کی تحقیقات بھی کی جارہی ہے۔ دوسری جانب قصور کے علاقے سکندر پورہ کے قریب لکڑی سے بھرے ٹریکٹر ٹرالی کی زد میں آکر بچہ اور نوجوان کچلے گئے۔ حادثہ میں سڑک کنارے کھڑا 21 سالہ علی حسنین جاں بحق جبکہ 8 سالہ محمد علی زخمی ہوگیا، حادثے کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور امدادی ٹیمیں بھی موقع پر پہنچ گئیں۔ پولیس نے ریسکیو ٹیموں کی مدد سے جاں بحق ہونے والے نوجوان کی لاش کو ضروری کارروائی کے ہسپتال منتقل کردیا جبکہ زخمی بچے کو بھی طبی امداد کے لئے ہسپتال داخل کرادیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ ٹریکٹر ٹرالی کا ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا جس کو پکڑنے کیلئے کارروائی شروع کردی گئی ہے جسے جلد حراست میں لے لیا جائے گا۔

بقیہ 39

کو نقصان پہنچنے کی رپورٹس میں ذرہ بھر بھی صداقت نہیں۔ خیال رہے کہ ٹرمپ کا یہ بیان ان ابتدائی رپورٹس کے بعد سامنے آیا ہے جن کے مطابق ایرانی جوابی حملوں کے نتیجے میں اردن کے مفق السلطی ایئر بیس پر متعدد امریکی فوجی طیاروں کو نقصان پہنچا تھا۔ سی بی ایس نے صورت حال سے واقف ذرائع کے حوالے سے رپورٹ میں بتایا تھا کہ رات گئے ہونے والے حملے کے دوران کئی امریکی فوجی طیاروں کو نقصان پہنچا۔ ایک اور رپورٹ میں ایک امریکی عہدیدار کے حوالے سے بتایا گیا کہ اردن میں ایک اے 10- تھنڈر بولٹ ٹو (A-10 Thunderbolt II) اور 8 ایف 15- لڑاکا طیاروں کو نقصان پہنچا ہے۔ رپورٹس کے مطابق ایف 15- طیاروں کو معمولی نقصان پہنچا تھا اور بعد ازاں انہیں دوبارہ سروس میں شامل کردیا گیا تھا۔ یہ مبینہ حملہ امریکی فورسز کی جانب سے ایرانی خام تیل کے 5 ٹینکروں کو نشانہ بنانے کے جواب میں کیا گیا تھا۔

بقیہ 40

بلاامتیاز سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اس لیے پرائس کنٹرول کارروائیوں کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے اور روزانہ کی بنیاد پر کارروائیوں میں اضافہ کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کوئٹہ شہر میں جاری ترقیاتی اسکیمات کی مسلسل نگرانی کی بھی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار، رفتار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ افسران باقاعدگی سے فیلڈ میں جا کر منصوبوں کا معائنہ کریں۔ انہوں نے تمام انتظامی افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے فوری حل، پرائس کنٹرول اور ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر نگرانی کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی اور فعال انداز میں انجام دیں۔

بقیہ 41

ورخلوص سے کی جائے، سوچ کر بتائیں گے والی پالیسی نہ ہو۔ وزیراعظم کے خط سے متعلق سوال کے جواب پر کہا کہ وزیراعظم صاحب نے خط لکھا تھا فائنلی لیٹر ہمیں موصول ہوگیا۔

بقیہ 42

جائزہ لیا اور اہم امور پر ضروری ہدایات دیں۔ انہوں نے اقتصادی تعاون تنظیم اور علاقائی تجارت، روابط اور اقتصادی تعاون کے فروغ میں اس کے کردار کو پاکستان کی جانب سے دی جانے والی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ پاکستان میں ہونے والے کونسل آف منسٹرز کے اجلاس کو نتیجہ خیز اور کامیاب بنانے کے لیے تمام انتظامات جامع انداز میں مکمل کیے جائیں۔ اجلاس میں سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ اور وزارت خارجہ کے تمام متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 43

کے درمیان باہمی تجارت، زرعی تعاون، اقتصادی روابط اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران تاجکستان کے سفیر نے وفاقی وزیر کو ستمبر میں منعقد ہونے والے اقتصادی تعاون تنظیم کے اجلاس میں شرکت کی دعوت دی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان اور تاجکستان کے درمیان برادرانہ اور تاریخی تعلقات موجود ہیں، جبکہ دونوں ممالک مذہبی، ثقافتی اور تہذیبی رشتوں میں بھی جڑے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وسطی ایشیا میں تاجکستان پاکستان کا ایک اہم اور قابل اعتماد شراکت دار ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان تاجکستان کے ساتھ تجارت اور اقتصادی تعاون کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم میں اضافہ وقت کی اہم ضرورت ہے، جس کے لیے تجارت کے نئے مواقع اور متبادل تجارتی راستوں کو تلاش کرنا ہوگا۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان کی زرعی پیداوار، فوڈ پروسیسنگ، لائیو اسٹاک، زرعی ٹیکنالوجی اور ویلیو ایڈیشن کے شعبوں میں تاجکستان کے ساتھ تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ دونوں ممالک باہمی تجربات اور مہارت سے استفادہ کرتے ہوئے زرعی شعبے میں تعاون کو نئی جہت دے سکتے ہیں۔ تاجکستان کے سفیر یوسف شریف زادہ نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت میں کمی کو دور کرنے اور دوطرفہ تجارت کو دوبارہ بہتر سطح پر لانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لیے تجارت کے نئے اور متبادل مواقع تلاش کیے جانے چاہئیں۔ فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی روابط کے فروغ، کاروباری برادری کے روابط بڑھانے اور زرعی و غذائی شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ ملاقات میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ علاقائی رابطہ کاری، باہمی تجارت اور اقتصادی تعاون کو فروغ دے کر پاکستان اور تاجکستان اپنے برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنا سکتے ہیں۔

بقیہ 44

لیے لمحہ فکریہ ہے، پنجاب سے 80 فیصد کیسز کا آنا ثابت کرتا ہے کہ وہاں بچوں کے تحفظ کا نظام مکمل ناکام ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ 43 فیصد ملزمان کا بچوں کا واقف کار ہونا بتاتا ہے مسئلہ گھروں میں سخت نگرانی نہ ہونا بھی ہے، تقریبا 45 فیصد واقعات کا بچوں کے اپنے گھروں میں پیش آنا سب سے زیادہ افسوس ناک ہے۔ شیری رحمن نے کہا ہے کہ 57 فیصد کیسز شہری اور 43 فیصد دیہی علاقوں سے رپورٹ ہوئے، یہ مسئلہ پورے معاشرے کا ہے کسی ایک طبقے کا نہیں، 89 فیصد کیسز کا کیس درج ہونا اچھا ہے لیکن فوری تفتیش اور بروقت کارروائی بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں سے زیادتی کے ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہیں، ہر کیس کو مثال بنایا جائے اور ملزمان کو عبرتناک سزا دی جائے، اعلی عدلیہ بچوں کے خلاف سنگین جرائم کے مقدمات کا فوری ٹرائل کرے، بچوں کا تحفظ ریاست اور معاشرے دونوں کی مشترکہ ذمے داری ہے۔ شیری رحمن نے کہا ہے کہ والدین کو بھی اپنے اردگرد مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھنی ہوگی، اگر ہم معصوم بچوں کو تحفظ نہیں دے سکتے تو یہ نظام کی سب سے بڑی ناکامی ہے۔

بقیہ 45

نے کہا کہ چند افراد اٹھ کر سوشل میڈیا پر بلاوجہ واویلہ کررہے ہیں، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ اہم قومی شاہراہ صحبت پور کے وسط سے گزر رہی ہے جہاں کشمور منصوبے کے دونوں اطراف بڑے پیمانے پر ناجائز تجاوزات قائم کی گئی ہیں اور کسی نے پکی دکانیں تو کسی نے عارضی چھپرے بنا رکھے ہیں، جن کے خلاف باقاعدہ کارروائی کرتے ہوئے تمام قابضین کو ایک ہفتے کا حتمی نوٹس جاری کردیا گیا ہے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ ڈالنے والے عناصر اور ناجائز تجاوزات ناقابل برداشت ہیں، اور کچھ لوگ محض سانپ کی طرح اپنے بلوں سے نکل کر ان قبضہ خوروں کی حوصلہ افزائی کرنے کی ناکام کوشش کررہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے عزم ظاہر کیا کہ قانون کی بالادستی کو یقینی بناتے ہوئے ہر حال میں قومی شاہراہ کو مکمل طور پر کشادہ کیا جائے گا کیونکہ سرکاری املاک اور راستوں پر قبضہ کسی صورت بھی برداشت کے قابل نہیں۔ ضلعی انتظامیہ نے خبردار کیا ہے کہ مقررہ مدت کے اندر تجاوزات خود بخود ختم نہ کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 46

حکومت عالمی حالات کو جواز بنا کر عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مسلسل مہنگائی کا سامنا کرنے پر مجبور کررہی ہے، اگر حکومت اپنا نظام موثر انداز میں نہیں چلاسکتی تو اس کی ناکامی کا بوجھ عام آدمی پر ڈالنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے فواد حسین چوہدری نے کہا کہ تیل کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر اضافہ ہورہا ہے، صورتحال یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ شہریوں نے موٹر سائیکلیں گھروں میں کھڑی کرنا شروع کردی ہیں، اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو حکومت کو عوام کے سامنے جواب دینا ہوگا کہ وہ انہیں مزید کتنا بوجھ برداشت کرنے پر مجبور کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی قیمت میں صرف سات ماہ کے دوران 28 فیصد اضافہ ہوچکا ہے، ملک بھر میں لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے، اس کے باوجود سرکاری سطح پر اربوں روپے کے فائدے کی باتیں کی جارہی ہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ جب عوام بجلی کی عدم دستیابی اور مہنگے بلوں کا سامنا کررہے ہوں تو محض مالی فائدے کے دعوے کس طرح عوامی مسائل کا متبادل بن سکتے ہیں۔ فواد چوہدری نے حکومتی اخراجات پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں عام آدمی کو کفایت شعاری کا درس دیا جاتا ہے جبکہ حکمران طبقے کے اخراجات میں کمی نظر نہیں آتی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے ذمہ دار افراد کو یہ وضاحت دینی چاہیے کہ سرکاری وسائل کہاں اور کس مقصد کیلئے استعمال ہورہے ہیں، اگر حکومتی شخصیات کے بیرون ملک دورے ذاتی نوعیت کے ہیں تو ان کے اخراجات کی تفصیلات اور رسیدیں عوام کے سامنے لائی جائیں۔

بقیہ 47

کے علاقے میں چہل قدمی کرتے ہوئے اسرائیلی ڈرون حملے میں شہید ہوگئے۔ اگرچہ الیزوریلی کی شناخت فوری طور پر نہیں ہوسکی ہے، کیونکہ جسم کے ٹکڑے ہوگئے تھے اور چہرا بھی مسخ تھا۔ ذرائع نے انکشاف کیا کہ الیزوریلی کے ساتھ اچانک رابطہ منقطع ہوا جس کی وجہ سے ان کے قریبی ساتھیوں نے انہیں ڈھونڈنے کی کوشش کی اور واضح ہوا کہ انہیں ٹارگٹ کیا گیا ہے اور وہ اسرائیلی حملوں کے متاثرین میں شامل ہیں۔ دو ذرائع کے مطابق الیزوری نے خان یونس بریگیڈ کی ذمہ داری بریگیڈ کے رہنماں عزالدین الحداد اور محمد عودہ کے قتل کے فورا بعد سنبھالی، جنہیں مئی میں شہید کردیا گیا تھا۔

بقیہ 48

ہے اور عزم کی تجدید کی گئی۔ بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کے یوم وفات کے موقع پر گورنر سندھ نہال ہاشمی اور وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے مزار قائد پر حاضری دی۔ گورنر اور وزیراعلی سندھ نے مزار قائد پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر صوبائی وزرا، مشیر، معاونین خصوصی اور ایڈیشنل آئی جی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ تینوں مسلح افواج کے نمائندوں نے بھی مزار قائد پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر گورنر نہال ہاشمی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بابائے قوم کے یوم وفات پر ان کو خراج تحسین پیش کرنے آئے ہیں۔ قائداعظم نے اپنا چین، سکون، آرام اور ذاتی مفاد سے بالاتر ہوکر مملکت خداداد پر اپنا وقت صرف کیا، قائداعظم نے ہمیں رہنما اصول بھی بتائے جس پر ہمیں چلنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بسنے والے لوگ دنیا کی عظیم قوم بنے گی، ہم نے پاکستان کو متحد رکھنا ہے اور دنیا میں مثال بنانا ہے، پاکستان کے آئینی اور جمہوری نظام کو مضبوط کریں، آئیں عہد کریں کہ قائداعظم کے خواب کی تعبیر کریں۔ گورنر سندھ نے کہا کہ دھرنا دینا بنیادی حق ہے لیکن دھرنے سے مریض، عام لوگ اور طلبہ متاثر ہوں تو آپ خود فیصلہ کریں کہ یہ ٹھیک ہے۔ حکومت بھی چاہتی ہے کہ سہولیات عوام کو دی جائیں لیکن عالمی حالات کے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اس موقع پر وزیراعلی مراد علی شاہ نے کہا کہ جو خواب علامہ اقبال نے دیکھا وہ پورا ہوا، اللہ پاکستان کو تاقیامت متحد رکھے۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ کا کہنا تھا کہ پاکستان میں اتحاد، تنظیم اور یقین محکم کے برعکس لوگ تقسیم کی بات کررہے ہیں

بقیہ 49

ورک بنا دیا گیا ہے۔ بلال بن ثاقب نے کہا کہ ڈیجیٹل ترسیلات زر کے ذریعے پاکستانیوں کی ترسیلات زر کی موجودہ لاگت 6.5 فیصد ہے جو کم ہوکر ایک فیصد رہ جائے گی اور لاگت کم ہونے سے 41 کروڑ ڈالر کی بچت ہوسکتی ہے۔

بقیہ 50

جھٹ پٹ دھیرج کالرا کی سربراہی میں منعقد ہوئی، جس میں ضلع کے تمام متعلقہ محکموں کے افسران اور نمائندگان نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں جعفرآباد سے تعلق رکھنے والی کثیر تعداد میں خواتین نے بھرپور شرکت کی اور تعلیم، صحت، آب نوشی، سرکاری ملازمتوں میں خواتین کے جائز حصے، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام میں درپیش مشکلات سمیت دیگر مسائل سے ضلعی افسران کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ اس موقع پر تمام خواتین سائلین کی شکایات فرداً فرداً اور بالترتیب سنی گئیں، جبکہ متعلقہ محکموں کے افسران نے ان کے مسائل اور شکایات پر جوابات فراہم کیے اور ممکنہ حل کے حوالے سے آگاہی دی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر جھٹ پٹ دھیرج کالرا نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں خواتین کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا ہے تاکہ خواتین کو اپنے مسائل براہ راست ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کے افسران کے سامنے پیش کرنے کے لیے مؤثر پلیٹ فارم فراہم کیا جاسکے اور ان کے مسائل کا بہتر اور بروقت ازالہ یقینی بنایا جا سکے، ضلعی انتظامیہ خواتین کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے گی۔

بقیہ 51

متعدد کارتوس برآمد ہوئے۔ سی ٹی ڈی حکام نے بتایا کہ کالعدم تنظیم آئی ایس کے پی کا اہم کمانڈر عمران عرف ابوبکر دہشت گردی، بم دھماکوں اور ٹارگٹ کلنگ کے 20 مقدمات میں مطلوب اشتہاری تھا۔ دوسری جانب خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے افغان خارجی عبیداللہ سعد سمیت 4 دہشت گرد جہنم واصل کر دیئے جبکہ سکیورٹی فورسز نے بلوچستان میں مکران ڈویژن کے ضلع تمپ میں بروقت کارروائی کر کے فتنہ الہندوستان کا بزدلانہ حملہ بری طرح ناکام بنا دیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق کرم ڈسٹرکٹ میں سکیورٹی فورسز نے 8 ستمبر 2026 کو خوارج کے خلاف کامیاب کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الخوارج سے منسلک افغان خارجی عبیداللہ سعد کو تین ساتھیوں سمیت جہنم واصل کیا۔ ذرائع کے مطابق ہلاک ہونے والا خارجی عبیداللہ سعد ولد غلام غوث صالحی افغانستان کے صوبہ لوگر کے گاں شاہی قلعہ کا رہائشی تھا اور کالعدم فتنہ الخوارج سے وابستہ تھا۔ یاد رہے کہ عبیداللہ سعد پاکستان میں دہشت گردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث تھا۔ سکیورٹی فورسز کی جانب سے افغانستان سے دراندازی کرنے والے ریاست دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی، جبکہ ملک کے امن وسلامتی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ دوسری جانب سکیورٹی فورسز نے بلوچستان میں مکران ڈویژن کے ضلع تمپ میں بروقت کارروائی کر کے فتنہ الہندوستان کا بزدلانہ حملہ بری طرح ناکام بنا دیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے ڈپٹی کمشنر تمپ کے پروٹیکشن سکواڈ پر دہشت گردوں کے حملے کو بروقت اور بھرپور کارروائی سے ناکام بنایا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے ڈپٹی کمشنر تمپ کی گاڑی کو نشانہ بنا کر سکواڈ کو اغوا کرنے کی بزدلانہ سازش کی، سکیورٹی فورسز کی موثر کارروائی میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے عزائم خاک میں مل گئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر تمپ کے سکواڈ کے تمام اہلکاروں کو بروقت اور محفوظ طریقے سے دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے سے بچا لیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ سکیورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد گاڑی اور اسلحہ چھوڑ کر فرار ہوگئے،

عدالتی نظام کو شفاف اور جدید بنانے کیلئے اقدامات جاری رکھیں گے، چیف جسٹس

کوئی قدم عمران خان کی مرضی کے بغیر نہیں اٹھاتے، اس وقت حکومت سے مذاکرات ہو رہے ہیں نہ کسی بیک چینل سے

بات کرنی ہے تو سنجیدگی اور خلوص سے کی جائے، سوچ کر بتائیں گے والی پالیسی نہ ہو، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (آئی این پی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ... عمران خان ... مذاکرات ... (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

شیری رحمٰن کا بچوں کیخلاف بڑھتے زیادتی کے کیسز پر اظہارِ تشویش

جنوری تا جون 2026 بچوں کے خلاف زیادتی کے 1914 کیسز کا رپورٹ ہونا ہمارے لیے لمحہ فکریہ ہے، بیان

اسلام آباد (اے این این) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمٰن نے بچوں کے خلاف بڑھتے زیادتی کے کیسز پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ شیری رحمٰن نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ جنوری تا جون 2026 بچوں کے خلاف زیادتی کے 1914 کیسز کا رپورٹ ہونا ہمارے (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

بلوچستان پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف خصوصی مہم، 16 مغوی بازیاب

گزشتہ تین ہفتوں کے دوران صوبے کے مختلف اضلاع میں کارروائیوں کے دوران 44 اشتہاری مجرموں، 249 مفرور ملزمان اور مختلف جرائم میں ملوث 492 ملزمان گرفتار

مختلف کارروائیوں میں 108 ملزمان گرفتار کر کے ان کے قبضے سے ... 770 گولیاں ... برآمد

کوئٹہ (اے این این) آئی جی پولیس بلوچستان ... طاہر کی ہدایات پر ... 33 اضلاع میں ... بلوچستان پولیس کی جانب سے ... مجرموں، عدالتوں سے مفرور ملزمان، عادی جرائم پیشہ عناصر ... کے خلاف صوبہ بھر میں خصوصی مہم جاری ہے۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق گزشتہ تین ہفتوں کے دوران صوبے کے مختلف اضلاع میں کارروائیوں کے دوران 44 اشتہاری مجرموں، 249 مفرور ملزمان اور مختلف جرائم میں ملوث 492 ملزمان ... 16 افراد کو بحفاظت بازیاب ... جن میں 11 سالہ (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

کوئٹہ: آٹے کی قیمتوں، موثر کنٹرول اور گرانفروشی کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی ہدایت

ترقیاتی منصوبوں کی رفتار اور معیار کی مسلسل نگرانی کی جائے، ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی

کوئٹہ (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت ... اجلاس ... آٹے کی قیمتوں ... جاری ترقیاتی اسکیمات ... (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

ٹرمپ کی اردن میں امریکی فوجی طیاروں کو نقصان پہنچنے کی تردید

واشنگٹن (اے این این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ... اردن میں ... فوجی طیاروں ... تردید کر دی ... (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

صحبت پور، قومی شاہراہ پر ناجائز تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی، فریدہ ترین

ٹریفک میں خلل ڈالنے والے عناصر کے خلاف ایک ہفتے کا الٹی میٹم، قومی شاہراہ کو ہر حال میں کشادہ کیا جائے گا، ضلعی انتظامیہ

صحبت پور (یو این اے) ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے واضح کیا ہے کہ کسی کو بھی مین سڑک پر کاروبار کی آڑ میں قبضہ کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی اور ٹریفک میں کسی قسم کا خلل کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اپنے ایک سخت بیان میں ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

اسرائیل کا قسام کی خان یونس بریگیڈ کے کمانڈر کو شہید کرنے کا دعویٰ

غزہ (اے این این) اسرائیلی فوج ... قسام بریگیڈ ... کمانڈر محمد ... حذیفہ ابو ... (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس

نائب وزیر اعظم نے ای سی او کونسل آف منسٹرز کے اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (اے این این) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت ... اجلاس ... پاکستان میں 15 اور 16 اکتوبر 2026 کو ... ای سی او کونسل آف منسٹرز کے اجلاس کی ... (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

حکومت اپنی نااہلی کا بوجھ عام آدمی پر نہ ڈالے، فواد چوہدری

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام پر ظلم ہے، سابق وفاقی وزیر

اسلام آباد (جی این ایم) نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی کے رہنماؤں فواد حسین چوہدری اور محمود مولوی نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات اور بجلی کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے، گزشتہ چند دنوں میں پیٹرول کی قیمت میں نمایاں اضافہ ہو چکا ہے جبکہ مجموعی طور پر تیل کی قیمت میں اب تک 119 روپے تک اضافہ عوام پر بھاری بوجھ بن چکا ہے، (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

قائداعظم محمد علی جناح کی 78ویں برسی عقیدت واحترام سے منائی گئی

گورنر، وزیر اعلیٰ سندھ اور تینوں مسلح افواج کے نمائندوں کی مزار قائد پر حاضری دی

کراچی (اے این این) بانی پاکستان بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کی 78ویں برسی انتہائی عقیدت واحترام سے منائی گئی۔ برصغیر کے مسلمانوں کو ایک آزاد اور خودمختار وطن کی نعمت سے سرفراز کرنے والے عظیم قائد کو پورے ملک میں عقیدت و احترام سے یاد کیا جارہا (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

مریدکے اور قصور میں ٹریفک حادثات میں 2 افراد جاں بحق، بچہ زخمی

لاہور (اے این این) صوبہ پنجاب کے علاقوں مریدکے اور قصور میں ٹریفک کے الگ الگ واقعات میں 2 افراد جاں بحق ہوگئے جبکہ ایک بچہ زخمی ہوگیا۔ تفصیل کے مطابق مریدکے میں سڑک کراس کرنیوالا محنت کش نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے جاں بحق ہوگیا۔ جاں بحق ہونے والا شخص شادی ہال سے محنت مزدوری کے بعد اپنی رہائش گاہ پر جارہا تھا، اطلاع پر پولیس کے اعلیٰ حکام امدادی ٹیموں سمیت موقع پر پہنچ گئے، جاں بحق (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

پاکستان میں ڈیجیٹل اثاثوں کی لائسنسنگ کا عمل شروع، 70 درخواستیں موصول

اسلام آباد (اے این این) پاکستان میں ڈیجیٹل اثاثوں کی لائسنسنگ کا عمل شروع ... چیئرمین پاکستان ورچوئل ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب کا کہنا ہے کہ ڈیجیٹل اثاثوں کی لائسنسنگ کے لیے اب تک 70 درخواستیں موصول ہو چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریگولیٹری فریم ورک پر پورا اترنے والی کمپنیوں کو ڈیجیٹل اثاثوں کی خرید وفروخت کا لائسنس جاری کیا جائیگا اور 6 ماہ میں ریگولیٹری فریم (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

پاکستان اور تاجکستان کے درمیان تجارتی وزرعی تعاون بڑھانے پر اتفاق

وسطی ایشیا میں تاجکستان پاکستان کا ایک اہم اور قابل اعتماد شراکت دار ہے، رانا تنویر حسین

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق، رانا تنویر حسین سے تاجکستان کے سفیر یوسف شریف زادہ نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور تاجکستان (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

کوئٹہ، سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی پریس کلب میں میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

اسلام آباد، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے بلوچستان اسمبلی کے رکن میر محمد عاصم کرد گیلو ملاقات کر رہے ہیں

پشاور اور کرم میں کارروائیاں، 9 دہشت گرد ہلاک

پشاور میں سی ٹی ڈی کی کارروائی، کالعدم تنظیم کے اہم کمانڈر سمیت 5 دہشتگرد ہلاک کئے گئے بھاری مقدار میں اسلحہ برآمد

دوسری کارروائی میں ضلع کرم میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے افغان خارجی عبیداللہ سعد سمیت 4 دہشت گرد جہنم واصل کر دیئے

پشاور، راولپنڈی (اے این این) صوبائی دارالحکومت پشاور میں شمشتو کیمپ کے قریب ارمڑ کے علاقے میں سی ٹی ڈی کی کارروائی کے دوران کالعدم تنظیم کے کمانڈر سمیت 5 اہم دہشت گرد مارے گئے۔ ہلاک دہشت گردوں میں کالعدم تنظیم آئی ایس کے پی کا اہم کمانڈر عمران بھی شامل ہے۔ ہلاک دہشت گرد حساس اداروں، امام بارگاہوں اور چرچ پر بڑی کارروائیوں کی منصوبہ بندی کر رہے تھے۔ سی ٹی ڈی کے مطابق کارروائی کے دوران مارے گئے 5 دہشت گردوں کے قبضے سے ایک ایس ایم جی، 4 پستول، 2 ہینڈ گرینیڈ، ایک خود ساختہ آئی ای ڈی، 5 میگزین اور (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

سبی، نیشنل پارٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری یار محمد بنگلزئی کو نامعلوم افراد نے ٹیوب ویل سے اغوا کرلیا

واقعے کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تحقیقات کا آغاز کر دیا، ذرائع

سبی (یو این اے) سبی میں امن وامان کی خراب صورتحال کا ایک اور واقعہ سامنے آیا ہے جہاں نیشنل پارٹی ضلع سبی کے جنرل سیکرٹری یار محمد بنگلزئی کو نامعلوم مسلح افراد ان کے اپنے ٹیوب ویل سے اغوا کر کے نامعلوم مقام پر لے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق اس اغوا کی اطلاع ملتے ہی ضلعی انتظامیہ اور پولیس میں کھلبلی مچ گئی، اور پولیس نے فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ کر (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

کوئٹہ، بلوچستان میں ماہی گیری کے شعبے کے لیے نئے قانون کی تیاری، فشریز اینڈ ایکوا کلچر بل کا جائزہ

موجودہ قوانین فرسودہ ہو چکے ہیں، پسنی اتھارٹی اور کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو محکمہ فشریز میں ضم کرنے کی تجویز، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کے کمیٹی روم میں قائمہ کمیٹی برائے ماہی گیری کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت کمیٹی کے چیئرمین مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کی۔ اجلاس میں کمیٹی کے ارکان عبدالمجید بادینی، ظفر علی آغا، برکت علی رند، میر ظہور بلیدی اور صفیہ فضل نے شرکت کی، جبکہ اس موقع پر سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، اسپیشل (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

ڈیرہ مراد جمالی میونسپل کمیٹی کا عملہ گزشتہ تین ماہ سے اپنی تنخواہوں سے محروم

ڈیرہ مراد جمالی (اے این این) ڈیرہ مراد جمالی میونسپل کمیٹی کا عملہ گزشتہ تین ماہ سے اپنی تنخواہوں سے محروم حالات فاقہ کشی تک پہنچ گئے بچوں کی فیس اور گھریلو سودا سلف عدم ادائیگی پر بند ملازمین سخت مشکلات سے دوچار احتجاج کرنے کا اعلان تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی کا عملہ گزشتہ تین ماہ سے اپنی تنخواہوں کے محروم جبکہ انکے گھروں میں فاقہ کشی چولھے ٹھنڈے پڑ گئے تنخواہ نہ ملنے کی وجہ سے (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

نوشکی بس اڈہ میں فائرنگ، پرچون دکاندار جاں بحق، ملزمان فرار

نوشکی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، پولیس کی تحقیقات اور ملزمان کی تلاش شروع

نوشکی (آئی این پی) بلوچستان کے شہر نوشکی بس اڈہ میں فائرنگ سے پرچون دکاندار جاں بحق ہوگیا ہے۔ فائرنگ کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

سہیل آفریدی کے بطور وزیر اعلیٰ انتخاب کے خلاف درخواست سماعت کے لیے مقرر

اسلام آباد (اے این این) وفاقی آئینی عدالت نے سہیل آفریدی کے بطور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا انتخاب کے خلاف درخواست 14 ستمبر کو سماعت کے لیے مقرر کردی۔ سہیل آفریدی کے خلاف درخواست شیر افضل مروت نے دائر کر رکھی ہے، جس میں ان کے بطور وزیر اعلیٰ انتخاب کو چیلنج کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور کی بطور وزیر اعلیٰ بحالی کی بھی استدعا کی گئی ہے۔ درخواست گزار شیر افضل مروت کا موقف ہے کہ سہیل آفریدی (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

جعفرآباد میں پہلی مرتبہ خواتین کے مسائل کے حل کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد

تعلیم، صحت، آب نوشی اور روزگار سمیت خواتین کے مسائل سنے گئے، بروقت ازالے کی یقین دہانی

جعفرآباد (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی کاوشوں سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات اور کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی ہدایات کی روشنی میں ضلع جعفرآباد میں پہلی مرتبہ خواتین کے مسائل معلوم کرنے اوران کے بہتر حل کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جو اسسٹنٹ کمشنر (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

27 ستمبر کا لانگ مارچ حکمرانوں کے خلاف عوامی ردعمل ہوگا، سید صادق آغا

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے خلاف ایف آئی آر کا اندراج سیاسی انتقام ہے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کو ہونے والا ملک گیر لانگ مارچ عوام کے آئینی، جمہوری اور سیاسی حقوق کے لیے ایک مؤثر آواز ثابت ہوگا، تحریک انصاف کے کارکنان اور عوام اپنے قائد عمران خان کے بیانیے اور جمہوری جدوجہد کے ساتھ کھڑے ہیں۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

جامعہ تربت گریجویٹ قواعد وضوابط اور موثر ریسرچ پروپوزلز کی تیاری'' کے عنوان سے ورکشاپ

ورکشاپ میں جامعہ تربت کے مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے ایم فل اور پی ایچ ڈی اسکالرز نے شرکت کی

تربت (اے این این) جامعہ تربت کے ڈائریکٹوریٹ آف گریجویٹ اسٹڈیز کے زیر اہتمام ویڈیو کانفرنس روم میں '' گریجویٹ قواعد وضوابط اور موثر ریسرچ پروپوزلز کی تیاری'' کے عنوان سے ایک کامیاب ورکشاپ منعقد کی گئی، جس کا مقصد اسکالرز کو تحقیقی وتعلیمی میدان میں درکار بنیادی مہارتوں سے آراستہ کرنا تھا۔ ورکشاپ میں جامعہ تربت کے مختلف شعبہ جات (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

وفاقی وزیر تجارت سے ہانگ کانگ کے چیف ایگزیکٹو جان لی کا چیو کی ملاقات

بہتر فضائی روابط سے تجارت، سیاحت اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، جام کمال

ہانگ کانگ (اے این این) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان سے ہانگ کانگ کے چیف ایگزیکٹو جان لی کا چیو نے ملاقات کی جس دوران باہمی تجارت، سرمایہ کاری (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان

کوئٹہ میں درجہ حرارت 36، سبی میں 43 اور نوکنڈی میں 44 سینٹی گریڈ ریکارڈ

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق آنے والے دنوں میں بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم شدید گرم اور خشک رہے گا۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق صوبے کے دارالحکومت کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے جبکہ قلات میں درجہ حرارت 31 ڈگری سینٹی گریڈ رہا۔ اسی طرح زیارت (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

وزیر داخلہ کا کرم میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ضلع کرم میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔ کارروائی کے دوران افغان خارجی سمیت 4 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور بروقت کارروائی کو سراہتے (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

کوئٹہ، جماعت اسلامی کے صوبائی امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ الخدمت فاؤنڈیشن بنو قابل کے طلباء وطالبات کی تعارفی نشست سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان، سوراب میں اندھا دھند فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، 2 افراد زخمی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے ضلع سوراب میں بدھ کے روز نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے کی گئی اندھا دھند فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والے شخص کا تعلق خاران سے بتایا جا رہا ہے۔ واقعے میں جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت زین عارف ولد حاجی محمد عارف کے نام سے ہوئی ہے، جبکہ زخمیوں (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

ایرانی حملے میں بحرین میں ففتھ فلیٹ ہیڈکوارٹر تباہ ہونے کا امریکی اعتراف

امریکی عوام اس بات کے مستحق ہیں کہ انہیں اسرائیل کی جنگوں کا بوجھ نہ اٹھانا پڑے، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (اے این این) امریکی بحریہ کے قائم مقام سیکریٹری ہنگ کاؤ نے اعتراف کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایرانی حملوں نے بحرین میں امریکی اڈے کو بری طرح تباہ کر دیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ان کا کہنا ہے کہ بحرین میں نیول سپورٹ ایکٹیویٹی کو پہنچنے والے نقصان کے باعث طویل عرصے سے تعینات طیارہ بردار بحری جہاز کے لیے لنگر انداز ہونے کی کوئی جگہ نہیں رہی۔ ادھر قائم مقام امریکی وزیر بحریہ ہنگ کاؤ کے اعتراف پر ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ کا کہنا ہے کہ امریکی بحریہ کے قائم مقام سیکریٹری ہنگ کاؤ کی صاف گوئی کو سراہتے ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ایرانی طاقت ور مسلح افواج نے واقعی بحرین میں ففتھ فلیٹ کے ہیڈ کوارٹر کو تباہ کیا۔ عباس عراقچی نے کہا کہ ایرانی افواج نے امریکی جارحیت کی معاونت کرنے (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

وفاقی وزیر توانائی سے پاکستان بزنس کونسل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی قیادت میں وفد کی ملاقات

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری سے پاکستان بزنس کونسل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جاوید قریشی کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی جس میں پاور سیکٹر میں بجلی کی طلب بڑھانے، دستیاب پیداواری صلاحیت کے موثر استعمال، لاگت میں کمی اور معاشی سرگرمیوں کے لیے بجلی کے استعمال کو فروغ دینے کے امکانات پر غور کیا گیا۔ ترجمان (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

وزیر داخلہ کا قائداعظم کو ان کی عظیم جدوجہد پر زبردست خراجِ عقیدت

قائداعظم نے ایک منتشر قوم کو نظریہ، شعور اور آزاد ریاست دی، محسن نقوی

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کو ان کی عظیم جدوجہد پر زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بانی پاکستان نے برصغیر کے مسلمانوں کو غلامی سے نجات دلا کر دنیا کے نقشے پر ایک آزاد اور باوقار (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

حماد اظہر سے ملاقات نہ کروانے کے معاملے پر پولیس کو نوٹس جاری

اسلام آباد (اے این این) انسداد دہشت گردی کی عدالت نے حماد اظہر سے ملاقات نہ کروانے کے معاملے پر حماد اظہر کی والدہ کی درخواست پر پولیس کو نوٹس جاری کرتے ہوئے سماعت 15 ستمبر تک ملتوی کردی۔ لاہور میں (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

کراچی، وزیر داخلہ سندھ کے مختلف تھانوں کے اچانک دورے، 3 ایس ایچ اوز معطل

وزیر داخلہ نے تھانوں میں موجود شہریوں سے مشکلات پوچھیں، فوری حل کرنے کا حکم

کراچی (اے این این) وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کے ہمراہ مختلف تھانوں کا اچانک دورہ کیا جس دوران انہوں نے عزیز بھٹی تھانے کے ایس ایچ او سمیت پورا عملہ معطل کر دیا۔ شاہراہ فیصل تھانے کے تمام اسٹاف کو بھی معطل کر دیا گیا، فیروزآباد تھانے میں بغیر وردی موجود عملہ بھی معطل کر دیا گیا، وزیر داخلہ نے تھانوں میں موجود شہریوں سے مشکلات پوچھیں اور فوری حل کرنے کا حکم دیا۔ انہوں نے مختلف مقدمات میں قید افراد سے پولیس کے رویے اور دیگر امور پر بھی بات کی، اور کہا کہ دوبارہ تھانوں کا دورہ کروں گا، کوئی چھوٹا منشی، بڑا منشی نہیں چلے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ پولیس اہلکاروں کو وردی پہن کر ڈیوٹی انجام دینا ہوگی، پولیس کا کام عوام کی خدمت اور تحفظ ہے، کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

قائداعظمؒ کے وژن کے مطابق ریلوے کو جدید اور منافع بخش ادارہ بنا رہے ہیں، حنیف عباسی

قائداعظمؒ کے زریں اصولوں، اتحاد، ایمان اور نظم وضبط کو مشعل راہ بنا کر ہی ملک کو خوشحال اور ترقی یافتہ بنایا جاسکتا ہے، وزیر ریلوے

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ قائداعظم کی دور اندیش قیادت، اصول پسندی اور انتھک جدوجہد نے مسلمانوں کیلئے (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

روس کے یوکرین کے صنعتی شہر پاولوہراد پر حملے، 7 افراد ہلاک، 76 زخمی

ماسکو (اے این این) روسی فوج کے یوکرین میں ڈرونز، توپ خانے اور بموں سے حملوں میں 9 افراد ہلاک اور 80 سے زائد زخمی ہوگئے۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق جنوب مشرقی یوکرین کے صنعتی شہر پاولوہراد پر بڑے پیمانے پر حملے کیے جن کے نتیجے میں 7 افراد ہلاک اور 76 زخمی ہوگئے۔ علاقائی گورنر کے مطابق روسی فوج نے شہر کے 5 اضلاع کو ڈرونز، توپ خانے اور بموں سے نشانہ بنایا، سوشل میڈیا پر جاری کی گئی تصاویر میں شہر کی متعدد دکانوں کے شیشے ٹوٹے ہوئے اور گاڑیاں جلی ہوئی دکھائی دیں (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

ملک بھر کے 115 مخصوص اضلاع میں ذیلی قومی انسدادِ پولیو مہم کا اعلان

لاہور (اے این این) ملک بھر کے 115 مخصوص اضلاع میں 21 سے 27 ستمبر تک ذیلی قومی انسدادِ پولیو مہم کا انعقاد کیا جائے گا۔ نیشنل ای او سی کے مطابق مہم کے دوران تربیت یافتہ پولیو ورکرز گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائیں گے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

ملک بھر کے پیٹرولیم ڈیلرز کیلئے ایڈوائزری جاری

اوگرا، سول ڈیفنس اور لیبر ڈیپارٹمنٹ کے قواعد پر عمل کو لازمی قرار

کراچی (اے این این) پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کی جانب سے ملک بھر کے پیٹرولیم ڈیلرز کے لئے ایڈوائزری جاری کردی گئی۔ جس میں اوگرا، سول ڈیفنس (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

حنا جاوید قتل کیس، تفتیش کا رخ گھریلو ملازم کی طرف موڑا جا رہا ہے، اہلخانہ کا تحفظات کا اظہار

راولپنڈی (اے این این) راولپنڈی میں حنا جاوید قتل کیس میں اہلخانہ نے پولیس تفتیش پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ تفتیش کا رخ گھریلو ملازم کی طرف موڑا جا رہا ہے اور سچ چھپانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ مقتولہ حنا جاوید (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

جنگ ستمبر کے ہیرو میجر راجہ عزیز بھٹی کا یوم شہادت ہفتے کو منایا جائے گا

12 ستمبر 1965 کو پاک بھارت جنگ کے دوران لاہور کے محاذ پر سینہ سپر ہوتے ہوئے جام شہادت نوش فرمایا

فیصل آباد (یو این اے) بری فوج کے عظیم سپوت اور جنگ ستمبر 1965 کے ہیرو میجر راجہ عزیز بھٹی شہید (نشان حیدر) کا یوم شہادت کل (12 ستمبر بروز ہفتہ) منایا جائے (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

چمن، شہید پولیس اہلکار نظام الدین کے اہل خانہ کو 10 لاکھ روپے کا امدادی چیک پیش کیا جا رہا ہے

کوئٹہ، سابق چیئرمین سینیٹ ورکن صوبائی اسمبلی محمد صادق سنجرانی سے سماجی رہنما حاجی میر مراد ریکی ملاقات کر رہے ہیں

جدید ای کامرس و آئی ٹی لیب دو ہفتوں میں مکمل کی جائے، مہر اللہ بادینی

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت جدید ای کامرس و آئی ٹی لیب کی تعمیر جلد مکمل کرنے کے حوالے سے اجلاس

کوئٹہ (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کے زیر صدارت جدید ای کامرس و آئی ٹی لیب کی تعمیراتی کام کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمانڈنٹ 115 ونگ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل، ایکسین سی اینڈ ڈبلیو، آرکیٹیکٹ سی اینڈ ڈبلیو، آئی ٹی سے متعلق ممبران اور کنسٹرکٹر سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران جدید ای کامرس و آئی ٹی لیب کے جاری تعمیراتی کام، پیش رفت اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے متعلقہ حکام اور کنسٹرکٹر کو ہدایت کی کہ منصوبے کے باقی ماندہ کام کو تیز رفتاری سے مکمل کیا جائے اور دو ہفتوں کے اندر منصوبے کو پایہ؟ تکمیل تک پہنچایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ منصوبے کی تکمیل میں کسی قسم کی غفلت، سستی یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، جبکہ کام کے معیار پر بھی کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

چمن: صفائی، تزئین وآرائش اور شجر کاری پر مشتمل 10 روزہ خصوصی مہم بھرپور انداز میں جاری

صاف اور سرسبز چمن کے لیے انتظامیہ متحرک، شہریوں سے صفائی مہم میں تعاون کی اپیل

چمن (سی ایم لنکس) چمن وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی خصوصی ہدایات پر چمن شہر میں صفائی، تزئین (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

تحریک تحفظ آئین پاکستان کی پی ٹی آئی کو لانگ مارچ میں شرکت کی یقین دہانی

لانگ مارچ کا اعلان وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے کیا ہے، وہی اس کی قیادت کریں گے، اخونزادہ یوسفزئی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ترجمان تحریک تحفظ آئین پاکستان اخونزادہ حسین یوسفزئی نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کو لانگ مارچ میں شرکت کی یقین دہانی کروائی ہے۔ اسلام آباد (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

خواتین اور بچوں پر تشدد زیادتی اور قتل کے بڑھتے واقعات پر شدید تشویش ہے، ثمینہ ممتاز

بچوں بالخصوص کمسن بچیوں اور خواتین کے خلاف ظلم وبربریت کے واقعات معاشرے کے لیے لمحہ فکریہ ہیں، مجرموں کو قانون کے کٹہرے میں لانا ہوگا

بچوں اور خواتین کے تحفظ کے لیے مؤثر قانون سازی، قوانین پر عملدرآمد اور اداروں کی ذمہ دارانہ کارکردگی ناگزیر ہے، چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق

اسلام آباد/ کوئٹہ (سی ایم لنکس) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ملک میں خواتین اور بچوں کے خلاف تشدد، زیادتی، اغوا اور قتل کے بڑھتے ہوئے واقعات پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بچوں، بالخصوص کمسن بچیوں اور خواتین کے ساتھ ہونے والے بہیمانہ واقعات کسی بھی مہذب اور ذمہ دار معاشرے کے لیے ناقابل قبول ہیں۔ ایسے واقعات میں مسلسل اضافہ پوری قوم کے لیے لمحہ فکریہ ہے اور ریاستی اداروں سمیت معاشرے کے ہر ذمہ دار طبقے کو اس سنگین مسئلے کے تدارک کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ اپنے ایک بیان میں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ بچے کسی بھی معاشرے کا مستقبل اور والدین کی امید ہوتے ہیں، جبکہ خواتین (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

کراچی، مبینہ پولیس مقابلوں میں 4 زخمیوں سمیت 7 ڈاکو گرفتار

کراچی (اے این این) کراچی کے مختلف علاقوں میں پولیس نے مبینہ مقابلوں کے بعد 4 زخمیوں سمیت 7 ڈاکوؤں کو گرفتار کر کے اسلحہ اور دیگر مسروقہ سامان برآمد کرلیا۔ ترجمان کراچی پولیس کے مطابق گڈاپ سٹی پولیس نے جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب ایم نائن موٹروے کے قریب کریم ٹاؤن اسکیم 33 میں مبینہ مقابلے کے بعد زخمی سمیت 2 ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا، ملزمان کی شناخت 29 سالہ جاوید ولد (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

پنشنرز کے لئے خوشخبری

اب لائف سرٹیفکیٹ بنک میں جمع کرنے کی کوئی ضرورت نہیں کیونکہ یہ سرٹیفکیٹ آپ گھر بیٹھے اپنے موبائل فون کے (PAK ID APP) سے حاصل کرسکتے ہیں۔

اب آپ گھر بیٹھے اپنا 'لائف سرٹیفکیٹ' باآسانی جمع کرواسکتے ہیں، بینک جانے کی کوئی ضرورت نہیں۔

اپنے موبائل فون کے Play Store سے PAK ID APP ڈاون لوڈ کریں اور اس کے ذریعے لائف سرٹیفکیٹ کی تصدیق مکمل کریں

آپ کا لائف سرٹیفکیٹ AG OFFICE / DISTRICT ACCOUNTS OFFICE میں اسی Pak ID App کے ذریعے جمع ہو جائے گا، اور آپ کو آپ کے موبائل فون پر تصدیقی پیغام موصول ہو جائے گا۔

اگر آپ کے ہاں انٹرنیٹ کا مسئلہ ہو تو نادرا کے قریبی دفتر سے یہ کام کروا سکتے ہیں۔

یاد رہے ہر چھ (6) ماہ کے اندر ایک دفعہ پروف لائف نہ دینے پر آپ کا پنشن سسٹم از خود روکے گا۔

ACCOUNTANT GENERAL OFFICE, BALOCHISTAN